جامعات المدینة کے نصاب میں داخل عربی ادب کی اہم کتاب

فیضُ الادب

(خلیفہ مفتی اعظم ھند)

حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد قادری رضوی رحمہ اللہ القوی

المدینۃ العلمیۃ
(دعوتِ اسلامی)
(شعبۂ درسی کتب)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(خلیفہ مفتی اعظم ھند)

حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد قادری رضوی رحمہ اللہ القوی

پیشکش: المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اِسلامی)

شعبہ: درسی کتب

الصّلوة والسّلام عليك يارسول الله ۞ وعلى آلك وأصحابك يا حبيب الله

کتاب : **فیض الادب** (حصہ اول)

مصنّف: حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد قادری رضوی رحمہ اللہ القوی

پیش کش : مجلس المدینۃ العلمیۃ (شعبہ درسی کتب)

سن طباعت: صفر المظفر ۱۴۳۴ھ / جنوری 2013ء

کل صفحات (حصہ اول): ۷۹

تعداد: 2500

ناشر : مکتبۃ المدینہ فیضان مدینہ باب المدینہ کراچی

WWW.dawateislami.net E.mail: ilmia@dawateislami.net

مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

۞......کراچی: شہید مسجد کھارادر باب المدینہ کراچی	۰۱	فون: 021-32203311
۞......لاہور: داتا دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ	۰۲	فون: 042-37311679
۞......سردار آباد: (فیصل آباد) امین پور بازار	۰۳	فون: 041-2632625
۞......کشمیر: چوک شہیداں میرپور	۰۴	فون: 058274-37212
۞......حیدر آباد: فیضان مدینہ آفندی ٹاؤن	۰۵	فون: 022-2620122
۞......ملتان: نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ	۰۶	فون: 061-4511192
۞......اوکاڑہ: کالج روڈ بالمقابل غوثیہ مسجد نزد تحصیل کونسل ہال	۰۷	فون: 044-2550767
۞......راولپنڈی: فضل داد پلازہ کمیٹی چوک اقبال روڈ	۰۸	فون: 051-5553765
۞......خان پور: درانی چوک نہر کنارہ	۰۹	فون: 068-5571686
۞......نواب شاہ: چکرا بازار نزد MCB	۱۰	فون: 0244-4362145
۞......سکھر: فیضان مدینہ بیراج روڈ	۱۱	فون: 071-5619195
۞......گوجرانوالہ: فیضان مدینہ شیخوپورہ موڑ گوجرانوالہ	۱۲	فون: 055-4225653
۞......پشاور: فیضان مدینہ گلبرگ نمبر ۱ النور سٹریٹ صدر	۱۳	

...فہرس... (حصہ اوّل)

صفحہ	عنوان	اسباق

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ" کے ۱۹ حُروف کی نسبت سے اس
کتاب کو پڑھنے کی ۱۹ "نیّتیں"

فرمانِ مصطفی صلّی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔

(المعجم الکبیر للطَبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ۶/۱۸۵)

دو مَدَنی پھول:

{۱} بغیر اچّھی نیّت کے کسی بھی عملِ خیر کا ثواب نہیں ملتا۔

{۲} جتنی اچّھی نیّتیں زِیادہ، اُتنا ثواب بھی زِیادہ۔

{۱} ہر بار حمد و {۲} صلوٰۃ اور {۳} تعوُّذ و {۴} تَسمِیہ سے آغاز کروں گا۔(اسی صفحہ پر اُوپر دی ہوئی دو عَرَبی عبارات پڑھ لینے سے چاروں نیّتوں پر عمل ہو جائے گا)۔{۵} رِضائے الٰہی عَزَّوَجَلَّ کے لئے اس کتاب کا اوّل تا آخِر مطالَعہ کروں گا۔{۶} حتی الوُسع اس کا باوُضو اور {۷} قِبلہ رُو مطالعہ کروں گا {۸} کتاب کو پڑھ کر کلام اللہ و کلام رسول اللہ عزوجل و صلّی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم کو صحیح معنوں میں سمجھ کر اوامر کا امتثال اور نواہی سے اجتناب کروں گا {۹} درجہ میں اس کتاب پر استاد کی بیان کردہ توضیح توجہ سے سنوں گا {۱۰} استاد کی توضیح کو لکھ کر "اِسْتَعِنْ

بِیَمِیۡنِکَ عَلٰی حِفۡظِکَ"[1] پر عمل کروں گا{۱۱}طلبہ کے ساتھ مل کر اس کتاب کے اسباق کی تکرار کروں گا{۱۲}اگر کسی طالب علم نے کوئی نامناسب سوال کیا تو اس پر ہنس کر اس کی دل آزاری کا سبب نہیں بنوں گا{۱۳}درجہ میں کتاب، استاد اور درس کی تعظیم کی خاطر غسل کرکے، صاف مدنی لباس میں، خوشبو لگاکر حاضری دوں گا{۱۴}اگر کسی طالب علم کو عبارت یا مسئلہ سمجھنے میں دشواری ہوئی تو حتی الامکان سمجھانے کی کوشش کروں گا{۱۵}سبق سمجھ میں آجانے کی صورت میں حمد الٰہی عزوجل بجالاؤں گا{۱۶}اور سمجھ میں نہ آنے کی صورت میں دعاء کروں گا اور بار بار سمجھنے کی کوشش کروں گا{۱۷}سبق سمجھ میں نہ آنے کی صورت میں استاد پر بدگمانی کے بجائے اسے اپنا قصور تصور کروں گا۔{۱۸}کتابت وغیرہ میں شَرْعی غلطی ملی تو ناشرین کو تحریری طور پَر مُطَّلع کروں گا (مصنّف یاناشرین وغیرہ کو کتابوں کی اَغلاط صِرف زبانی بتاناخاص مفید نہیں ہوتا) {۱۹}کتاب کی تعظیم کرتے ہوئے اس پر کوئی چیز قلم وغیرہ نہیں رکھوں گا۔اس پر ٹیک نہیں لگاؤں گا۔

☆...☆...☆...☆

(۱) یعنی اپنے سیدھے ہاتھ سے لکھ لیا کرو تاکہ یاد کرنے میں تمہارا مددگار ہو۔ الحدیث (المعجم الاوسط، الحدیث: ۸۰۱، ۱/۲۳۴)

تعارفِ مصنِّف(۱)

خلیفہ مفتیِ اعظم ہند، عمدۃ المحققین حضرت مولانا بدر الدین احمد رضوی مصباحی گورکھپوری رحمہ اللہ القوی

آپ اپنے نانیہال موضع حمید پور ضلع گورکھ پور (یوپی ہند) میں ایک اندازہ کے مطابق ۱۳۴۸ھ/۱۹۲۹ء میں پیدا ہوئے۔آپ نے مقامی درس گاہ شاہ پور سے تعلیمی سفر شروع کیا اور مدرسہ انوار العلوم قصبہ جین پور ضلع اعظم گڑھ ہوتے ہوئے دار العلوم اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ میں داخلہ لیا اور چار سال بڑی محنت سے اکتسابِ علم کیا۔ ۱۰ شعبان ۱۳۷۱ھ مطابق ۱۵ مئی ۱۹۵۲ء کو سند و دستارِ فضیلت سے نوازا گیا۔ رمضان شریف کی تعطیلِ کلاں کے بعد حضور حافظ ملت حضرت علامہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کے حکم کے مطابق شوّال ۱۳۷۱ھ میں جامعہ اشرفیہ بغرضِ تربیت تدریس کے لیے تشریف لائے۔ اور طلبہ کو رجب ۱۳۷۲ھ کو انجمن معین الاسلام پرانی بستی، شہر بستی میں درس نظامی کی تدریس کے لیے تشریف لے گئے۔ اس کے بعد آپ نے مدرسہ فیض الرسول براؤن شریف ضلع بستی اور مدرسہ غوثیہ بڑھیا ضلع بستی میں تدریسی خدمات انجام دیں۔آپ مفتی اعظم ہند مولانا مصطفیٰ رضا خان نوری رحمہ اللہ القوی کے مرید و خلیفہ ہیں۔ درس و تدریس کے ساتھ تصنیف و تالیف میں بھی آپ کو دست رس حاصل تھی۔ ڈیڑھ درجن کتابوں کے آپ مصنف ہیں، بعض کتابیں تو سدا بہار تصنیف کا درجہ رکھتی ہیں۔ اور بعض کتابیں ماخذ کی حیثیت سے استعمال کی جاتی ہیں۔ بعض کتابوں کے نام یہ ہیں۔

(۱) سوانح اعلیٰ حضرت (۲) عروس الادب (۳) فیض الادب (حصہ اول دوم)
(٤) جواہر المنطق (٥) نورانی گل دستہ (٦) تذکرہ سرکارِ غوث (۷) تذکرہ سرکار خواجہ
(۸) تعمیر ادب (قاعدہ) (۹) تعمیر ادب (حصہ اول تا پنجم) (۱۰) تعمیر قواعد (اول دوم)

آپ کا وصال سات رمضان کو ہوا۔ (سنِ وفات نہیں مل سکا) (مزید دیکھئے کتاب ''مفتیِ اعظم ہند اور ان کے خلفاء'' ص ۲۳۵)

---

(۱) کتاب کے آخر میں دیکھئے تعارفِ مصنّف بقلمِ خود۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

المدینۃ العلمیۃ

از: بانیِ دعوتِ اسلامی، عاشقِ اعلیٰ حضرت، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، حضرت علّامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ

الحمد للہ علی اِحْسَانِہٖ وَ بِفَضْلِ رَسُوْلِہٖ صلّی اللہ تعالٰی علیہ وسلّم! تبلیغِ قرآن وسنّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک ''دعوتِ اسلامی'' نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اِشاعتِ علمِ شریعت کو دنیا بھر میں عام کرنے کا عزمِ مُصمّم رکھتی ہے، اِن تمام اُمور کو بحسن وخوبی سرانجام دینے کے لیے متعدِّد مجالس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جن میں سے ایک مجلس ''المدینۃ العلمیۃ'' بھی ہے جو دعوتِ اسلامی کے عُلماء و مُفتیانِ کرام کَثَّرَھُمُ اللہُ السلامُ پر مشتمل ہے، جس نے خالص علمی، تحقیقی اوراشاعتی کام کا بیڑا اٹھایا ہے۔

اس کے مندرجہ ذیل چھ شعبے ہیں:

(۱) شعبۂ کُتُبِ اعلیٰحضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (۲) شعبۂ درسی کُتُب
(۳) شعبۂ اِصلاحی کُتُب (٤) شعبۂ تفتیشِ کُتُب
(۵) شعبۂ تراجمِ کُتُب (٦) شعبۂ تخریج

''المدینۃ العلمیہ'' کی اوّلین ترجیح سرکارِ اعلیٰحضرت، اِمامِ اَہلسنّت، عظیم البرکت،

عظیم المرتبت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجَدِّدِ دین و مِلَّت، حامیٔ سنّت، ماحیٔ بِدعت، عالِمِ شَرِیْعَت، پیرِ طریقت، باعثِ خَیْر وبَرَکت، حضرتِ علاّمہ مولٰینا الحاج الحافظ القاری الشّاہ امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کی گراں مایہ تصانیف کو عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق حتَّی الْوَسع سَہل اُسلوب میں پیش کرنا ہے۔ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اِس عِلمی، تحقیقی اور اِشاعتی مدنی کام میں ہر ممکن تعاون فرمائیں اور مجلس کی طرف سے شائع ہونے والی کُتُب کا خود بھی مطالَعہ فرمائیں اور دوسروں کو بھی اِس کی ترغیب دلائیں۔

اللہ عزوجل "دعوتِ اسلامی" کی تمام مجالس بَشُمُول مجلس "المدینۃ العلمیۃ" کو دن گیارہویں اور رات بارہویں ترقّی عطا فرمائے اور ہمارے ہر عملِ خیر کو زیورِ اِخلاص سے آراستہ فرما کر دونوں جہاں کی بھلائی کا سبب بنائے۔ ہمیں زیرِ گنبدِ خضراء شہادت، جنّت البقیع میں مدفن اور جنّت الفردوس میں جگہ نصیب فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم.

رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ

...پیش لفظ... (اَز علمیہ)

ہر زبان میں قواعدِ ادَب کو بہت اہمیت حاصل ہوتی ہے اور اِن قواعد کو مدّ ِنظر رکھتے ہوئے استفادہ وافادہ آسان ومؤثر ہوتا ہے اور انکو نظر انداز کرنے سے افہام و تفہیم کا عمل کماحقہ تکمیل نہیں پاتا. بلکہ بعض اوقات ان قواعد کی عدمِ رعایت سنگین غلطی کا باعث ہو جاتی ہے چنانچہ چند مثالیں ملاحظہ فرمائیں :

(1) ... حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں ایک مرتبہ کسی اَعرابی نے کچھ لوگوں سے کہا : ''مجھے قرآن میں سے کچھ پڑھاؤ'' تو ایک شخص نے اسے سورتِ براءت کی آیت نمبر 3 اس طرح پڑھائی : ﴿أَنَّ اللهَ بَرِیٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِینَ وَرَسُولِهِ﴾ (یعنی لفظ رسول کے کسرہ کے ساتھ) اس پر اعرابی نے کہا : ''کیا اللہ بھی اپنے رسول سے بری ہے؟'' اگر اسی طرح ہے تو میں بھی رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے بری ہوں۔جب یہ بات حضرت عمر فاروق اعظم محب رسولِ معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہ تک پہنچی تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فوراً اس اَعرابی کو بلا بھیجا اور فرمایا : ''اے اعرابی ! کیا تو نے اِس اِس طرح کہا ہے؟'' تو اس نے جواب دیا : ''اے امیر المؤمنین رضی اللہ عنہ ! میں اَنجانے میں مشرکین کے پاس چلا گیا تھا اور میں نے ان سے پوچھا کہ مجھے کون قرآن پڑھائے گا تو ان میں سے ایک شخص اُٹھ کھڑا ہوا اور مجھے سورت براءت یوں پڑھائی : ﴿أَنَّ اللهَ بَرِیٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِینَ وَرَسُولِهِ﴾

(یعنی لفظ رسول کے کسرہ کے ساتھ) تو اس پر میں نے اِس اِس طرح جواب دیا۔ یہ تمام واقعہ سننے کے بعد امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ نے اعرابی سے فرمایا: ''یہ آیت اِس طرح نہیں ہے'' اعرابی نے عرض کی: ''پھر کس طرح ہے؟'' تو آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: ''یوں ہے: ﴿أَنَّ اللهَ بَرِیءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِینَ وَرَسُوْلُه﴾'' (یعنی لفظ رسول پر ضمہ کے ساتھ) یہ سن کر اس اعرابی نے کہا: ''بخدا! میں بھی اُس سے بری ہوں جس سے اللہ اور اس کا رسول (عزوجل وصلی اللہ تعالی علیہ والہ وسلم) بری ہیں.'' پھر آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے حکم صادر فرمادیا کہ قرآن پاک کو عالِم لغت کے علاوہ کوئی اور نہ پڑھائے۔ **(سبب وضع علم العربیة، الجزء الاول، ص۱۳۰)**

(2) ...امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کے دَور ہی کا دوسرا واقعہ ہے کہ آپ رضی اللہ تعالی عنہ ایک قوم کے پاس سے گذرے، وہ لوگ تیر اندازی کر رہے تھے اور نشانہ بازی میں بہت خطائیں کررہے تھے یہ دیکھ کر آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: «بِئْسَ مَا رَمَیْتُم» یعنی تم لوگ بہت بری تیر اندازی کررہے ہو۔ یہ سن کر انھوں نے کہا: «إِنّا قَومٌ مُتَعَلّمِینَ» کہ ہم ابھی سیکھ رہے ہیں (یعنی متعلِّمُوْنَ کی جگہ متعلِّمِینَ کہا) یہ سن کر آپ رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: «وَاللهِ لَخَطَؤُكُمْ فِی لِسانِكُم أَشَدُّ عَلَيَّ مِن خَطَئِكُمْ فِي رَمْيِكُمْ» یعنی خدا کی قسم! تمھارے کلام کی خطا مجھ پر تمھاری تیر اندازی کی خطا سے بھی شدید تر ہے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ : «رَحِمَ اللّٰہُ امْرَأً أَصْلَحَ مِن لِّسَانِہ» یعنی اللہ عزوجل اس شخص پر رحم فرمائے جس نے اپنی زبان کی اصلاح کی۔

(میزان الاعتدال للذھبی، الجزء الثالث، ص۳۰۹)

(3) ...آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور کا ہی ایک اور واقعہ ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (جو کہ عامل مقرر تھے) کے کاتب نے امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے مکتوب لکھا جس کی ابتداء میں لکھا: «مِن أبو موسیٰ» یعنی ابو موسیٰ اشعری (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی طرف سے۔ (یعنی «أَبِی» کی جگہ «أَبُو» لکھا) اس پر امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جوابی مکتوب میں فرمایا: «سلامٌ علیک، أما بعدُ! فاضْرِبْ کاتِبَکَ سَوْطاً واحداً وأَخِّرْ عَطَاءَہ سَنَةً» یعنی اپنے کاتب کو ایک کوڑا رسید کرو اور ایک سال تک اسکو پیش کش کرنا (یعنی انعام دینا) مؤخر کردو۔

(المزھر فی علوم اللغۃ للسیوطی، الجزء الثانی، ص۳٤۱)

الغرض اس قسم کی اور بہت سی اغلاط واقع ہو سکتی ہیں جس کا سبب عموماً علمِ ادب سے ناواقفیت ہوا کرتی ہے۔ حضرت امام مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: «لاَ یَحِلُّ لِأَحَدٍ یُؤمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیومِ الآخِرِ أَنْ یَتکلّمَ فِی کِتابِ اللّٰہِ إذا لَمْ یَکُنْ عالِماً بِلُغاتِ العَرَبِ». یعنی جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے جائز نہیں کہ وہ کتاب اللہ کے بارے میں کلام کرے جب تک کہ

عرب کی لغت پر عبور حاصل نہ کرلے۔ (**الإتقان للسیوطی ج۲، ص۵۵۵**)

نیز علامہ شامی مخصوص عرب شعراء کے اشعار کے بارے میں فرماتے ہیں :

«مَعْرِفَةُ شِعْرِهِم رِوايَةً ودِرايَةً عندَ فُقَهاءِ الإسلامِ فَرضُ كِفايةٍ ---إلخ.

(**رد المحتار، ج۱، ص۱۱۵**)

"شعراءِ عرب کے اشعار کو روایۃً اور درایۃً جاننا فقہاءِ اسلام کے نزدیک فرض کفایہ ہے"۔

لہٰذا یہ بات واضح ہو گئی کہ قرآن و حدیث کو صحیح طور پر سمجھنے کے لیے علومِ ادب عربی میں مہارت کا ہونا بہت ضروری ہے۔ ادب کی اسی اہمیت کے پیشِ نظر دعوتِ اسلامی کی مجلس **المدینۃ العلمیۃ** نے **فیض الادب** حصہ اول ودوم مُصَنَّف حضرت علامہ مولانا بدرالدین احمد قادری رضوی کو شائع کرنی کی ایک ادنی سی کوشش کی ہے، یہ کتاب **جامعۃ المدینہ للبَنات** کے نصاب میں داخل ہے۔اس سے پہلے یہ کتاب ہند سے طبع ہوئی تھی لیکن اسکی کتابت کا انداز پرانا تھا اور کہیں کہیں الفاظ بھی مٹے ہوئے تھے اور عبارات پر اعراب کا التزام نہ تھا۔علمیہ نے یہ تمام مسائل حل کرکے شائع کرنے کی کوشش کی ہے اللہ کریم غلطیوں سے درگزر فرما کر قبولِ عام بنائے۔آمین بجاہِ النبی الکریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم۔

المدینۃ العلمیۃ کا اس کتاب پر کام

★... **کتابت کی اغلاط** کو دور کر دیا ہے۔

★... **مشکل اَلفاظ کے مَعانِی** ہر صفحے کے نیچے حاشیے میں درج کر دیئے ہیں۔ یہ معانی انکے علاوہ ہیں جو مصنف نے خود کتاب کے آخر میں فہرست کی صورت میں درج کئے تھے۔ چونکہ اس میں بہت سے الفاظ کے معانی موجود نہ تھے لہٰذا ہم نے ضرورت محسوس کرتے ہوئے ہر صفحے کے نیچے بھی معانی کا التزام کیا ہے۔

★... عربی عبارات پر **اِعراب** کا التزام کیا ہے۔

★... جو الفاظ متروک الاستعمال تھے ان کی جگہ **رائجُ الوقت اَلفاظ** ڈال دیئے ہیں۔ تفصیل یہ ہے :

★... [**ترجمه کرو، عربی بناؤ**] وغیرہ الفاظ کی جگہ [ترجمہ کریں، عربی بنائیں]۔

★... [**الأُرْدُوِیّة**] کی جگہ اکثر رائج الوقت لفظ [**الأُرْدِیّة**]۔

★... [**مشق**] کے نام سے جگہ جگہ **عنوانات** ڈال کر مشقوں کو ظاہر وواضح کیا ہے۔

★... کتاب کی **اَسباق میں تقسیم** کر دی ہے تاکہ پڑھنے اور پڑھانے میں سہولت ہو۔

★... **آیات کا حوالہ** اور **احادیث کی تخریج** بھی کی گئی ہے۔

☆... مصنف اور علمیہ کے حاشیہ میں فرق کے لئے اول پر (١) اور ثانی پر ❶ کے طرز کے نمبر لگائے گئے ہیں۔ لیکن کہیں کہیں اسکا التزام نہیں۔ یعنی علمیہ کے حاشیہ پر بھی (١) نمبر لگایا گیا ہے۔

☆... کتاب میں جہاں جہاں مشقوں وغیرہ کے بعد کچھ جگہ باقی بچ گئی تھی وہاں **چوکور ٹیبل** بنا کر مختلف قسم کے علمی وادبی مدنی پھول ڈال دیئے ہیں اور کہیں کہیں مزاحیہ لطیفے بھی ڈالے گئے ہیں تاکہ اِن کو پڑھ کر ذہن تروتازہ ہو اور کتاب سمجھنے کے لئے زیادہ سے زیادہ موزوں ہو۔ نیز یہ نفسِ کتاب کا حصہ نہیں۔

کسی بھی کتاب میں انتہائی مشکل مقام کو حل کرنے کا عمل

وَاسْتَفْرِغِ الدَّمْعَ مِنْ عَيْنٍ قَدِ امْتَلأَتْ

مِنَ الْمَحَارِمِ وَالْزَمْ حِمْيَةَ النَّدَمِ

ترجمہ: [اور آنسوؤں کو بہا اس آنکھ سے جو بد نگاہی سے پُر ہو چکی ہے، اور شرمندہ ہو کر (برے افعال سے) پرہیز کو لازم پکڑ]

اگر دورانِ مطالعہ کوئی ایسا مقام آجائے جو انتہائی مشکل ہو اور باوجود کوشش کے کسی طرح حل نہ ہو تو یہ شعر ١١٩ مرتبہ پڑھیں پھر مطالعہ کریں.

إن شاء الله عزّوجلّ وہ مقام حل ہو جائے گا۔

("عَصِيدةُ الشُّهْدةِ شرح قصيدة البُردةِ"، ص۔٥٣)

بسم الله الرحمٰن الرحیم

نحمده ونصلي على رسوله الكريم

إهداء[1] الكتاب

إنا رأينا الطلبة من أهل السنة مفتقرين إلى كتاب
يشتمل على المسائل الإبتدائية للنحو والأدب العربي
فرتّبناه وسمّيناه بفيض الأدب لأنّ الطلبة
بدار العلوم فيض الرسول الواقعة ببراؤن الشريفة
كالعلة الغائية له وقدمنا كتابنا هذا إلى مؤسس دار العلوم
المذكورة مولانا الشاه محمد يار على القادرى الجشتى.

من المقبلين عتبته العالية

بدر الدين أحمد القادرى الرضوى البريلوى

١٦ ربيع الأوّل ١٣٧٦ھ

---

(۱) تعظیم کے لئے تحفہ بھیجنا

تقریظِ جلیل (حافظِ ملّت)

استاذ العلماء، حضرت مولانا عبد العزیز صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ

شیخ الحدیث دار العلوم اشرفیہ، مبارکپور اعظم گڑھ، یوپی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہٖ الکریم

کتاب **فیض الأدب حصہ اوّل** مولانا بدر الدین احمد سلّمہ ربُّہ کی پہلی تصنیف ہے، مبتدی طلبہ کے لئے بہت ہی مفید اور طلبہ کی ادبی استعداد میں معین ہے، اس کا پڑھنے والا اردو سے عربی اور عربی سے اردو ترجمہ پر جلد قابو پا سکتا ہے۔ دعا ہے کہ خداوند کریم اس کو شرف قبول بخشے اور حضرت مصنف سلّمہ ربُّہ کو تصنیف وتالیف کی مزید توفیق عطا فرمائے۔

اٰمین بجاہ حبیبہ سید المرسلین علیہ وعلی اٰلہ وأصحابہ أفضل الصلاۃ والتسلیم.

عبد العزیز عفی عنہ

۲۳ ربیع الآخر ۱۳۷۲ھ

بسم الله الرحمٰن الرحیم

الحمد لله أحسن الخالقین الذی فضّل رسولَنَا مُحَمّدًا صلی الله تعالی علیه وسلم علی جمیع العالمین والصلاة والسلام علی خاتم الأنبیاءِ والمرسلین وعلیهم وعلی اٰلہٖ وصحبہٖ وأزواجہٖ أمهات المؤمنین وابنه الغوث الأعظم الجیلانی أجمعین.

سبق:1

بعض نحوی اصطلاحات کی تشریح

مُسند الیہ: وہ چیز ہے جس کے لیے کوئی دوسری چیز ثابت کی جائے۔

مُسنَد: وہ چیز ہے جو دوسرے کے لیے ثابت ہو جیسے (زید ہوشیار ہے). اس مثال میں ''زید'' مسند الیہ اور ''ہوشیار'' مسند ہے اور جیسے ''پڑھا بکر نے'' اس مثال میں ''پڑھا'' مسند اور ''بکر'' مسند الیہ ہے اور جیسے ''دیکھا گیا چاند''، اس مثال میں ''دیکھا گیا'' مسند اور ''چاند'' مسند الیہ ہے۔

جُملَہ: مسند الیہ اور مسند کے مجموعہ کو کہتے ہیں جیسے (زید ہوشیار ہے، پڑھا بکر نے، دیکھا گیا چاند)۔

مُبتدا: وہ اسم ہے جو لفظی عامل سے خالی اور مسند الیہ ہو۔

خبر: وہ لفظ جو لفظی عامل سے خالی اور مسند ہو جیسے ''زید نمازی ہے'' اس مثال میں ''زید'' مبتدا اور نمازی خبر ہے۔

رفع: ضمہ، الف اور واو کو کہتے ہیں۔

مرفوع: وہ اسم ہے جس پر ضمہ یا الف یا واو آئے جیسے اَلْمُسْلِمُ، اَلْمُسْلِمَانِ، اَلْمُسْلِمُوْنَ، أَبُوْزَیْدٍ میں أَبُوْ.

تنبیه: مرفوع کہلانے والے اسم تو آٹھ ہیں لیکن اس کتاب میں ان میں سے صرف چھ اسم کا استعمال کیا گیا ہے اور وہ یہ ہیں مبتدا، خبر، فاعل، نائب فاعل، إِنَّ وغیرہ کی خبر، کَانَ وغیرہ کا اسم۔

نصب: فتحہ، کسرہ، الف اور یاء کو کہتے ہیں۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یاء آئے جیسے اَلْمُسْلِمَ، اَلْمُسْلِمَاتِ، أَبَا زَیْدٍ میں أَبَا. اَلْمُسْلِمَیْنِ، اَلْمُسْلِمِیْنَ.

اسم منصوب کی تعداد بارہ ہے مگر اس کتاب میں ان میں سے صرف آٹھ اسم استعمال کیے گئے ہیں اور وہ یہ ہیں مفعول بہ، مفعول فیہ، مفعول مطلق، مفعول لہ، حال تمیز، إِنَّ وغیرہ کا اسم، کَانَ وغیرہ کی خبر۔

جَر: کسرہ، فتحہ اور یاء کو کہتے ہیں۔

مجرور: وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو جیسے عَلَی الْمُسْلِمِ، عَلٰی إِبْرَاهِیْمَ، عَلٰی أَبِيْ زَیْدٍ، عَلَی الْمُسْلِمَیْنِ، عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ اور جیسے وَلَدُ الْمُسْلِمِ، وَلَدُ إِبْرَاهِیْمَ، وَلَدُ أَبِيْ زَیْدٍ، غُلَامُ الْمُسْلِمَیْنِ، إِمَامُ الْمُسْلِمِیْنَ.

جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو جیسے زَیْدٌ عَالِمٌ.

جملہ فعلیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جُز فعل ہو جیسے عَلِمَ زَیدٌ .

ھدایت: جملہ اسمیہ کے اندر جو لفظ مسند الیہ ہو اسے مبتدا اور جو مسند ہو گا اسے خبر کہیں گے اور جملہ فعلیہ کے اندر مسند الیہ کو فاعل یا نائب فاعل اور مسند کو فعل کہیں گے۔

مشق

مندرجہ ذیل جملوں میں مسند الیہ اور مسند کو پہچان کر مبتدا، خبر، فعل، فاعل اور نائب فاعل بتاؤ.

✪ اللہ یکتا ہے ✪ رسول مہربان ہیں ✪ قرآن سچا ہے ✪ پڑھی گئی کتاب ✪ دیوار لمبی ہے ✪ سڑک پختہ ہے ✪ پڑھا میں نے ✪ گھڑی قیمتی ہے ✪ جا رہا ہے خالد ✪ لکھا گیا خط ✪ میں مدرسہ میں حاضر ہوں ✪ لکھا بکر نے ✪ پانی گرم ہے ✪ لکھ رہا ہے زید قلم سے ✪ بکر مسجد میں موجود ہے ✪ زید کو پڑھایا احمد نے ✪ کل جائے گا بکر کانپور ✪ پرسوں جمعہ کے دن میں بمبئی سے آیا۔

سبق:2

مرفوعات

مبتدأوخبرکی ترکیب

★اَللّٰہُ ★اَلرَّسُوْلُ ★اَلْقُرْاٰنُ ★رَبٌّ ★مَعْبُوْدٌ ★کِتَابٌ ★مُؤْمِنٌ ★رَؤُوْفٌ ★کَرِیْمٌ ★اَلرَّجُلُ ★صَادِقٌ

★اَللّٰہُ رَبٌّ(۱) ★اَلرَّبُّ مَعْبُوْدٌ ★اَلرَّسُوْلُ رَؤُوْفٌ ★اَلْقُرْاٰنُ کِتَابٌ ★اَلْکِتَابُ صَادِقٌ ★اَلرَّجُلُ مُؤْمِنٌ ★اَلْمُؤْمِنُ کَرِیْمٌ ★اَلْمِسْوَاكُ قَصِیْرٌ❶.

★اَلدِّیْنُ ★اَلْإِسْلَامُ ★اَلْکُفْرُ ★اَلْجَنَّةُ ★اَلنَّارُ ★اَلْکَلَامُ ★خَالِقٌ ★حَقٌّ ★بَاطِلٌ ★یُسْرٌ ★صَوَابٌ ★أَحَدٌ

★اَللّٰہُ أَحَدٌ ★اَللّٰہُ خَالِقٌ ★اَلدِّیْنُ یُسْرٌ❷ ★اَلْإِسْلَامُ حَقٌّ ★اَلْجَنَّةُ حَقٌّ ★اَلنَّارُ حَقٌّ ★اَلْکُفْرُ بَاطِلٌ ★اَلْکَلَامُ صَوَابٌ❸.

---

(۱) (ترجمہ کے ساتھ جملوں کی ترکیب کرانالازمِ درس قرار دیا جائے)

❶ چھوٹی ❷ آسان ❸ درست

★اَلْمَاءُ ★اَلْقَعَّادَةُ ★اَلْخُبْزُ ★اَلْمِنْشَفُ ★اَلشَّمْسِيَّةُ ★بَائِتٌ ★حَمِيْمٌ ★اَلْأَرُزُّ ★حَسَنٌ ★اَلشَّيْءُ ★طَرِيٌّ ★جَيِّدَةٌ ★جَدِيْدٌ ★طَوِيْلٌ ★اَلْحَصِيْرُ ★بَارِدٌ ★رَدِيٌّ ★مُعَبَّدٌ.

★اَلْمَاءُ بَارِدٌ ★اَلْمِنْشَفُ ❶ طَوِيْلٌ ★اَلْخُبْزُ طَرِيٌّ ❷ ★اَلشَّيْءُ حَسَنٌ ★اَلشَّمْسِيَّةُ ❸ جَيِّدَةٌ ★اَلْأَرُزُّ (١) جَدِيْدٌ ★اَلْقَعَّادَةُ ❹ حَسَنَةٌ ★اَلْخُبْزُ بَائِتٌ ❺ ★اَلْمَاءُ حَمِيْمٌ ❻ ★اَلْحَصِيْرُ ❼ مَبْسُوْطٌ ★اَلْمِنْشَفُ جَدِيْدٌ ★اَلْقَعَّادَةُ مَوْضُوْعَةٌ ★اَلْخُبْزُ رَدِيٌّ ★اَلشَّارِعُ مُعَبَّدٌ ❽.

مشق

عربی (٢) میں ترجمہ کریں

✪ اللہ معبود ہے ✪ قرآن سچا ہے ✪ چاول تازہ ہے ✪ روٹی ٹھنڈی ہے ✪ تولیہ بچھا ہے ✪ چارپائی نئی ہے ✪ مسواک نئی ہے ✪ چٹائی چھوٹی ہے ✪ چھتری خراب ہے ✪ پانی باسی ہے ✪ کلام اچھا ہے ✪ مرد شریف ہے۔

---

(١) بفتح الألف وضم الراء المهملة. ١٢ (٢) **التماس:** مدرسین کو چاہیے کہ طلبہ کو معرفہ، نکرہ کی پہچان کرائیں، پھر بتائیں کہ مبتدا کو معرفہ اور خبر کو نکرہ استعمال کیا جاتا ہے۔

❶ تولیہ، رومال ❷ تازہ ❸ چھتری ❹ چارپائی
❺ باسی ❻ گرم ❼ چٹائی ❽ پختہ

سبق:3

مبتدأ بہ اِسمِ اِشارہ

اسمِ اِشارہ: وہ لفظ ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے، جیسے اردو میں "یہ" عربی میں "ھذا"۔

مشارٌ الیہ: وہ چیز ہے جس پر اشارہ کیا جائے جیسے ھٰذَا الْقُرْاٰنُ، اس مثال میں "اَلْقُرْاٰنُ" مشار الیہ ہے۔

★ھٰذا ★ھٰذانِ ★ھٰؤُلَآءِ ★ھٰذِہٖ ★ھَاتَانِ ★قَاطِرَۃٌ ★بَقَرَۃٌ ★اِمْرَأَۃٌ ★نِسَاءٌ

★ھٰذا عَالِمٌ ★ھٰذہ قَاطِرَۃٌ[1] ★ھَاتَانِ بَقَرَتَانِ ★ھٰؤُلَآءِ مُسْلِمُوْنَ ★ھٰؤُلَآءِ مُؤْمِنَاتٌ ★ھٰذا مُؤْمِنٌ ★ھٰذِہٖ مُؤْمِنَۃٌ ★ھَاتَانِ مُسْلِمَتَانِ ★ھٰذانِ رَجُلَانِ ★اَلْقَلَمَانِ جَدِیْدَانِ ★ اَلنِّسَاءُ حَاضِرَاتٌ ★اَلْمَرْأَۃُ عَالِمَۃٌ.

[1] انجن

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪ یہ چٹائی ہے ✪ یہ دو چار پائی ہیں ✪ سڑک بہترین ہے ✪ یہ کئی عالم ہیں ✪ ریلوے انجن نیا ہے ✪ یہ علم والی ہے ✪ یہ دو مسواک ہیں ✪ یہ عورتیں ہیں ✪ یہ دو روٹیاں ہیں ✪ دو چٹائیاں لمبی ہیں۔

حكاية: حُكِيَ أنّ شَيخاً رَأى رَجُلاً يَحمِلُ امرأةً كبيرةً وهو يَطُوفُ بها فسَأَلَه له الشيخُ عنها فقال له هِيَ أُمِّيْ وأَنَا أَحمِلُها مدةَ سبعِ سِنين فهل أَدَّيْتُ حقَّها يا سيِّدِي فقال له لا، وَلَوْ كان عُمرُكَ أَلْفَ سَنَةٍ لا يُساوِيْ ذلك قِيامَها لَكَ لَيلةً مِن اللَّيَالِي وسَقْيَها سَقيا مِن ثَدَيْهَا فبَكَى الرَّجُلُ وانْصَرفَ.

حكاية: حُكي أن رجلا أَعطى وَلَدَه الإمامَ أبا حنيفةَ رَحِمَهُ اللهُ تعالى لِيُعلِّم العِلمَ ففِي يوم من الإيام مَاتَ ميّتٌ فطَلبوُا الإمامَ لِيُصلِّيَ عليه فحَضرَ اجتماعَ الناسِ وكان يوما شديدَ الحَرِّ و لم يَجِدُوا ما يَستظِلُّون به من الشمس إلاّ مكانا واحداً فقالوا للإمام اجلِس أنت فيه فسَئَلَ عن صاحبِ ذلك المكانِ فأَخبَرُوه أنه لأَبِ الوَلَدِ الذي تُعَلِّمُه فامتَنع عن الجلُوسِ فيه وقال لَعلَّه يُظَنُّ فِيَّ أَنِّي أُعَلِّمُ وَلَدَه بذلك الاستِظلالِ. (رَحِمَه اللهُ تعالى). **(القليوبي)**

سبق:4

مبتدأ بہ ترکیبِ اِشارہ ومشارٌ الیہ

★ذٰلِكَ ★تِلْكَ ★أُولٰئِكَ ★ذَانِكَ ★تَانِكَ ★اَلْمُتَعَلِّمُوْنَ ★اَلْبَاخِرَةُ

★ذٰلِكَ الْكِتَابُ صَادِقٌ ★هٰذَا الْقَلَمُ نَفِيْسٌ ★هٰذِهِ الْمَرْأَةُ صَالِحَةٌ ★هٰؤُلَاءِ الْمُتَعَلِّمُوْنَ صَالِحُوْنَ ★هٰذَا الرَّجُلُ ضَاحِكٌ ★تِلْكَ الْبَاخِرَةُ[1] جَدِيْدَةٌ ★أُولٰئِكَ الْعُلَمَاءُ صَادِقُوْنَ ★تِلْكَ الْمَرْأَةُ جَمِيْلَةٌ ★تَانِكَ[2] الْقَعَّادَتَانِ طَوِيْلَتَانِ ★ذَانِكَ[3] الْحَصِيْرَانِ مَبْسُوْطَانِ ★هٰذَانِ الْمِسْوَاكَانِ جَدِيْدَانِ ★أُولٰئِكَ النِّسَاءُ مُسْلِمَاتٌ.

---

[1] سمندری جہاز [2] وہ دو، مؤنّث کے لئے [3] وہ دو، مذکر کے لئے

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪ یہ طالب علم نیک ہے ✪ یہ عورت مسلمان ہے ✪ وہ مرد شریف ہے ✪ یہ تولیہ نفیس ہے ✪ وہ عورت حاضر ہے ✪ یہ علماء مسلمان ہیں ✪ وہ پانی ٹھنڈا ہے ✪ یہ دو قلم نئے ہیں ✪ وہ دو انجن بہترین ہیں ✪ یہ چٹائی اچھی ہے ✪ وہ دو تولیے لمبے ہیں ✪ یہ دو روٹیاں ٹھنڈی ہیں ✪ وہ دو طالب علم شریف ہیں۔

☆ واعلم أن الليل والنهار أربع وعشرون ساعة، فلا يكن نومك بالليل والنهار أكثر من ثماني ساعات، فيكفيك إن عشت مثلا ستين سنة أن تضيع منها عشرين سنة وهو ثلث عمرك.

☆ قالت أم الدرداء: (من وعظ أخاه سرا فقد زانه، ومن وعظه علانية فقد شانه).

☆ ويروى أن الخليفة المأمون وعظه واعظ فأغلظ له في القول فقال: يا رجل ارفق فقد بعث الله من هو خير منك إلى من هو شر مني وأمره بالرفق. فقال تعالى: ﴿اذْهَبَا إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغٰى فَقُوْلاَ لَهُ قَوْلاً لَيِّنًا لَعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشٰى﴾

☆ وقد جاء في حِكَمِ لُقمانَ :قال يا بُنَيَّ كَذَبَ مَن قال إنّ الشرَّ بالشرّ يُطفَأُ، فإن كان صادقا فليُوقد نارَين ولينظر هل تُطفئ إحداهما الأُخرٰى، وإنما يُطفئُ الخيرُ الشرَّ كما يُطفِئُ الماءُ النارَ.

سبق:5

مبتدأبہ ترکیبِ اِضافی

★اَلْعَبْدُ ★غُلَامٌ ★وَلَدٌ ★وَلِيْدَةٌ ★اَلْبَحْرُ ★طَاهِرٌ ★نَبِيُّهٗ

★اَلدَّرَّاجَةُ ★اَلسِّرْوَالُ ★جَالِسٌ ★اَلسُّلْطَانُ ★نَافِعٌ ★اَلْاِبْنُ

★قَلَمُ الْحِبْرِ ★اَلْمِنْدِيْلُ ★اَلْوَسَخُ ★بَوَّابَةٌ ★اَلدَّقِيْقُ ★اَلشَّعِيْرُ

★اِبْنُ زَيْدٍ غُلَامٌ ★عَبْدُاللّٰهِ عَالِمٌ ★عَبْدُالرَّسُوْلِ نَبِيْهٌ❶ ★مَاءُ الْبَحْرِ طَاهِرٌ ★دَرَّاجَةُ بَكْرٍ جَدِيْدَةٌ ★سِرْوَالُ❷ عَمْرٍو وَسِخٌ❸ ★عَبْدُالسُّلْطَانِ جَمِيْلٌ ★مِنْدِيْلُ❹ الْمَرْأَةِ نَفِيْسٌ ★مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلَاةُ ★مِفْتَاحُ الصَّلٰوةِ وُضُوْءٌ(١) ★رَسُوْلُ اللّٰهِ رَؤُوْفٌ❺ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ★قَلَمُ الْحِبْرِ❻ جَدِيْدٌ ★بَوَّابَةُ❼ الْمَدْرَسَةِ مَفْتُوْحَةٌ ★دَقِيْقُ الشَّعِيْرِ نَافِعٌ ★وَلَدُ الْعَالِمِ جَالِسٌ

---

❶معزز ❷پاجامہ ❸میلی ❹رومال ❺نہایت مہربان ❻روشنائی والاپین، فونٹین پین ❼بڑادروازہ، پھاٹک

(١). (سنن الترمذی، کتاب الطہارۃ، باب ماجاء أن...، الحدیث: ۴، ۱/۸۵)

★وَلِيْدَةٌ❶ زَيْدٍ نَبِيْهَةٌ ★سَاعَةُ خَالِدٍ ثَمِيْنَةٌ❷ ★وَلَدُ بَكْرٍ صَبِيٌّ

★صِرَاطُ الدِّيْنِ قَوِيْمٌ.

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪زید کا غلام ہوشیار ہے ✪خالد کی سائیکل قیمتی ہے ✪بکر کی گھڑی بہترین ہے ✪عورت کا پائجامہ پاک ہے ✪عبد الرسول خوبصورت ہے ✪فونٹین پین نفیس ہے ✪جو کا آٹا نیا ہے ✪مسجد کا پھاٹک کھلا ہے ✪لڑکی کا رومال میلا ہے ✪سمندر کا پانی گرم ہے ✪بادشاہ کا لڑکا عالم ہے ✪عبد اللہ بیٹھا ہے ✪یہ چاول فائدہ مند ہے ✪وہ بچہ خوبصورت ہے ✪یہ کنجی نئی ہے۔

---

❶نابالغ لڑکی ❷مہنگی، قیمتی

سبق:6

خبر بَہ ترکیبِ اِضافی

اَلشَّابُّ ★ اَللَّحْمُ ★ اَلْجَامُوْسُ ★ اَللَّبَنُ ★ اَلسَّاكِنُ ★ اَلْقَرْيَةُ

★ زَيْدٌ وَلَدُ خَالِدٍ ★ هٰذَا الشَّابُّ سَاكِنُ (1) الْقَرْيَةِ ★ ذٰلِكَ لَبَنُ الْبَقَرَةِ ★ تِلْكَ بِنْتُ زَيْدٍ ★ هٰذَا لَحْمُ الْجَامُوْسِ ★ هٰذِهِ الصَّبِيَّةُ بِنْتُ بَكْرٍ ★ عَمْرٌو صَاحِبُ الْمَالِ ★ وَلَدُ الْعَالِمِ سَمِيُّ زَيْدٍ ★ هٰذَا دَقِيْقُ الْحِنْطَةِ ★ اَلدَّرَّاجَةُ سَرِيْعَةُ السَّيْرِ ★ اَللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ★ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ★ اَلصَّلَاةُ عِمَادُ الدِّيْنِ [1] ★ هٰذَانِ وَلَدَا [2] خَالِدٍ ★ تَانِكَ بِنْتَا زَيْدٍ ★ هٰؤُلَاءِ مُتَعَلِّمُوا الْمَدْرَسَةِ ★ أُولٰئِكَ الرِّجَالُ سَاكِنُو الْبَلْدَةِ ★ هَاتَانِ الْمَرْأَتَانِ طَلِيْقَتَا (2) الْوَجْهَيْنِ ★ اَلشَّاةُ غَيْرُ مَوْجُوْدَةٍ.

---

(١) (کنزالعمال، کتاب الصلاۃ، الفصل الثانی، الحدیث: ۴، ۱۸۸۸۵/۱۱۵)، (1) رہنے والا (2) ہنس مکھ

(٢) (طلبہ کو آگاہ کیا جائے کہ تثنیہ اور جمع مذکر سالم کا نون بحالت اضافت گر جاتا ہے)

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪وہ بھینس کا گوشت ہے ✪یہ بکری کا دودھ ہے ✪خالد بکر کا لڑکا ہے ✪گاؤں کا رہنے والا حاضر ہے ✪ بکر کا ہمنام مالدار ہے ✪یہ مرد تیز رفتار ہے ✪مسجد کا ستون لمبا ہے ✪ گیہوں کا آٹا خراب ہے ✪یہ لڑکی زید کی بیٹی ہے ✪یہ عبد الرسول ہے ✪یہ دو بکر کی سائیکلیں ہیں ✪یہ عورتیں ہنس مکھ ہیں۔

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ. (صحيح البخاري - ١ / ٢٤)

☆ يَذْهَبُ الصَّالِحُونَ الْأَوَّلُ فَالْأَوَّلُ وَيَبْقَى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ الشَّعِيرِ أَوْ التَّمْرِ لَا يُبَالِيهِمُ اللّٰهُ بَالَةً. (صحيح البخاري - ٢٠ / ٦٢)

☆ نِعْمَتَانِ مَغْبُونٌ فِيهِمَا كَثِيرٌ مِنْ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ. (صحيح البخاري - ٢٠ / ٣٣)

☆ مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّة خَيْرٌ مِنْ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا وَلَغَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنْ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا. (صحيح البخاري - ٢٠ / ٣٧)

☆ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيلٍ. (صحيح البخاري - ٢٠ / ٣٨)

سبق: 7

مبتدأ بہ ترکیبِ وصفی

واضح ہو کہ موصوف اور صفت کے مجموعہ کو ترکیبِ وصفی کہتے ہیں، جیسے "اَلْقَلَمُ الْجَدِيْدُ" یعنی نیا قلم، اس مثال میں "اَلْقَلَمُ" موصوف اور "الْجَدِيْــــدُ" صفت ہے، موصوف اگر مرفوع ہو گا تو صفت کو بھی مرفوع لانا ہو گا، یونہی موصوف اگر منصوب یا مجرور ہو گا تو اس کی صفت کو منصوب یا مجرور استعمال کرنا ہو گا۔

★اَلسِّكِّيْنُ ★اَلسَّفِيْهُ ★اَلْحَدِيْدُ ★اَلسَّيَّارَةُ ★اَلطَّيَّارَةُ ★اَلنَّظِيْفُ

★ اَلْعَالِمُ السُّنِّيُّ نَبِيْهٌ ★اَلرَّجُلُ الْعَاقِلُ كَرِيْمٌ ★اَلْمَرْأَةُ الْمُسْلِمَةُ صَادِقَةٌ ★اَلطَّيَّارَةُ الْجَدِيْدَةُ نَفِيْسَةٌ[1] ★اَلْمَاءُ النَّظِيْفُ بَارِدٌ ★اَلسَّيَّارَةُ الْجَيِّدَةُ ثَمِيْنَةٌ[2] ★اَلرَّجُلُ الْجَاهِلُ سَفِيْهٌ ★زَيْد الْعَاقِلُ سُنِّيٌّ ★هٰذَا السِّكِّيْنُ حَدِيْدٌ ★خَالِدٌ طَلِيْقُ الْوَجْهِ.

---

[1] پسندیدہ و قیمتی [2] قیمتی، مہنگی

مشق

عربی بنائیں

✪ تیز چھری قیمتی ہے ✪ ہوشیار عورت مسلمان ہے ✪ نیا موٹر تیز رفتار ہے ✪ گرم پانی ناپاک ہے ✪ لمبا تولیہ میلا ہے ✪ یہ دو موٹر نئے ہیں ✪ وہ ہوائی جہاز خراب ہے ✪ بیوقوف مرد مالدار ہے ✪ وہ اسٹیمر تیز رفتار ہے

☆ كان مَلِكٌ في الزمان الأوّل، وكان مثقلا كثير الشحم لا ينتفع بنفسه، فجمع المتطبِّبِينَ وقال: احتالوا إليّ بحيلة يخفّ عني لحمي هذا قليلا. فما قدروا له على شيء، فبعث له رجل عاقل أديب متطبّب فَارِهٌ، فبعث إليه وأشخصه فقال له: عالجني ولك الغنى.

قال: أصلح الله الملك، أنا متطبّب منجّم. دعني أنظر الليلة في طالعك: أيّ دواء يوافق طالعك فأسقيك. فغَدَا عليه، فقال: أيها المَلِك، الأمان؟

قال: لك الأمان. قال: رأيت طالعك يدلّ على أن الباقي من عمرك شهر، فان أحببتَ عالجتُك، وان أردتَ بيانَ ذلك، فاحبسنِي عندك، فإن كان لِقولي حقيقة فخلِّ عنّي، وإلاّ فاستقصِ منّي.

فحبسه، ثم رفع الملك الملاهي واحتجب عن الناس، وخلا وحده مهتمّا كلّما انسلخ يوم ازداد غمّا حتى هزل وخف لحمه، ومضى لذلك ثمانية وعشرون يوما، فبعث إليه وأخرجه. فقال: ما ترى؟

قال: أعز اللهُ المَلِكَ . أنا أهونُ على اللهِ عزوجلّ مِن أن أَعلَمَ الغيبَ، واللهِ ما أَعرف عمري ، فكيف أَعرف عمرَك ؟ إنما لم يكن عندي دواء إلا الغمّ ، فلم أقدر أن أجلب إليك الغمّ إلا بهذه العلّة.

فأَجازَه وأَحسَنَ إليه.

سبق:8

خبریہ ترکیبِ وَصفی

★صَدِیْقٌ ★طَیِّبٌ ★حَاذِقٌ ★صَمِیْمٌ ★عَفِیْفٌ ★حَبِیْبٌ

★ھٰذَاالرَّجُلُ طَبِیْبٌ حَاذِقٌ ★خَالِدٌ صَدِیْقٌ صَمِیْمٌ[1]

★زَیْدٌ وَلَدٌسَعِیْدٌ ★اَلرَّجُلُ رَفِیْقٌ حَبِیْبٌ ★ھٰذِہٖ بِنْتٌ عَفِیْفَةٌ.

مشق

عربی بنائیں

✪یہ طبیب شریف آدمی ہے ✪وہ عالم گہرا دوست ہے ✪خالد پیارا لڑکا ہے ✪زید کی عورت پارسا ہے ✪وہ پختہ سڑک ہے ✪یہ سیدھا راستہ ہے ✪وہ دو طبیب مسلمان ہیں ✪وہ دو طالب علم پارسا ہیں ✪وہ دو بچیاں خوبصورت ہیں۔

---

[1] گہرا، مخلص

سبق:9

مبتدأ بہ ضمائر

ضمیر: وہ اسم ہے جو متکلم یا حاضر یا غائب کو بتانے کے لیے مقرر کیا گیا ہو۔ جیسے أَنَا (میں) أَنْتَ (تو) هُوَ (وہ) نَحْنُ (ہم، ہم دو، ہم لوگ) أَنْتُمْ (تم لوگ)۔

★هُوَ ★هُمَا ★هُمْ ★هِيَ ★هُنَّ ★بَطَلٌ ★رَاقِدٌ

★هُوَ رَجُلٌ ★هُمَا مُسْلِمَانِ ★هُمْ جَالِسُوْنَ ★هِيَ امْرَأَةٌ ★هُمَا مُؤْمِنَتَانِ ★هُنَّ جَاهِلَاتٌ ★أَنْتَ بَطَلٌ[1] ★أَنْتِ رَاقِدَةٌ[2] ★أَنْتُمَا كَاتِبَانِ ★أَنْتُمْ أَبْطَالٌ ★أَنْتُنَّ مُؤْمِنَاتٌ ★أَنْتُمَا جَمِيْلَتَانِ ★أَنَا صَاحِبُ الْمَالِ ★نَحْنُ أَهْلُ السُّنَّةِ ★أَنْتَ شَافِعِيٌّ ★أَنَا حَنَفِيٌّ ★نَحْنُ مُتَعَلِّمَانِ ★أَنْتُنَّ جَالِسَاتٌ ★هٰؤُلَاءِ الْوِلْدَانُ طَلِيْقُو الْوُجُوْهِ.

---

[1] بہادر [2] سوئی ہوئی

مشق

عربی بنائیں

✪وہ سوئی ہے ✪ وہ بہادر ہے ✪وہ (لوگ) اہل سنت ہیں ✪تو ہوشیار ہے ✪تم سب علم والی ہو ✪ ہم لوگ ہنس مکھ ہیں ✪میں جمال والی ہوں ✪زید شافعی ہے ✪وہ حنفی ہے ✪وہ دو ریلوے انجن ہیں ✪میں سویا ہوں ✪میں زید کی بیٹی ہوں ✪ہم سب گاؤں کی عورتیں ہیں ✪تو زید کی لڑکی ہے ✪تم دونوں بیٹھی ہو ✪تم لوگ مسلمان ہو ✪وہ طلبہ گاؤں کے رہنے والے ہیں ✪زید کے دو لڑکے بیٹھے ہیں ✪ خالد کی دو عورتیں ہنس مکھ ہیں ✪ہم دو بہادر ہیں۔

☆ **حكاية:** حكي أن إمرأة كان لها زوج منافق وكانت تقول على كل شيء من قول أو فعل «بسم الله» فقال زوجها لأفعلن ما أخجلها به فدفع إليها صرة وقال لها احفظيها فوضعتها في محله وغطتها فغافلها وأخذ الصرة وما فيها ورماها في بئر في داره ثم طلبها منها فجائت إلى محلها وقالت «بسم الله» فأمر الله جبرئيل أن ينزل سريعا و يعيد الصرة إلى مكانها فوضعت يدها لتأخذها فوجدتها كما وضعتها فتعجب زوجها وتاب إلى الله تعالى.

سبق:10

جملۂ فعلیہ

فاعل: وہ اسم ہے جو فعل کے بعد ہو اور اس سے فعل کا تعلق بطورِ قیام ہو، جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ یعنی مارا زید نے، اس مثال میں زَیْدٌ فاعل ہے۔

★اَلنَّاسُ ★رَكِيْبٌ ★سَمِعَ ★مَضْمَضَ ★اٰمِنُوْا ★زَهَقَ ★نَصَرَ

★اٰمَنَ النَّاسُ ★رَكِبَ[1] زَيْدٌ ★سَمِعَ الْوَلَدُ ★نَصَرَتْ بِنْتٌ ★اٰمَنْتُ ★لَنْ يَّرْكَبَ خَالِدٌ ★اِسْمَعُوْا ★مَضْمَضَ رَجُلٌ ★زَهَقَ[2] الْبَاطِلُ ★لَمْ يَرْكَبُوْا ★سَمِعْنَا ★اِرْكَبُوْا ★اِسْمَعِيْ.

مشق

عربی بنائیں

✪ ایمان لایا زید ✪ سنا انہوں نے ✪ کلی کی میں نے ✪ سوار ہوئی وہ ✪ مدد کی اس نے ✪ ہرگز نہیں سنے گا بکر ✪ مارا لوگوں نے ✪ نہیں سنا عمرو نے ✪ مدد کی ایک عورت نے ✪ قیمتی تولیہ نیا ہے ✪ میں ہنس مکھ ہوں۔

---

[1] سوار ہوا، اور رَكِيْبٌ دوسرے کے ساتھ سوار ہونے والا [2] ناپید و فنا ہونا

سبق:11

فاعِل بہ ترکیبِ وصفی

★تَرْجَمَ ★يَذْهَبُ ★قَرَأَ ★جَلَسَ ★ذَهِيْنٌ ★غَبِيٌّ

★قَرَأَ وَلَدَانِ سَعِيْدَانِ ★تَرْجَمَ الْعَالِمُ النَّبِيْهُ

★يَذْهَبُ الْمُسْلِمُوْنَ الصّٰلِحُوْنَ ★يَقْرَأُ زَيْدُنِ الْغَبِيُّ[1]

★جَلَسَتِ الْمَرْاَتَانِ الْعَاقِلَتَانِ ★يَسْمَعُ وَلَدٌ ذَهِيْنٌ ★جَلَسَ

صَبِيٌّ سَعِيْدٌ.

مشق

عربی بنائیں

✪ترجمہ کیا ذہین لڑکے نے ✪پڑھتی ہے عقلمند عورت ✪جاتی ہیں مسلم عورتیں ✪جائیں گے بہادر مسلمان ✪بیٹھے دو کند ذہن لڑکے ✪سوار ہوا نیک بخت لڑکا ✪سنتے ہیں دو مسلمان عالم ✪پڑھا دو مومن عورتوں نے ✪مدد کرے گا ہوشیار زید۔

[1] کمزور ذہن والا

سبق:12

فاعل بہ ترکیبِ اِضافی

★أَمَرَ ★يُضْحِكُ ★يَلْعَبُ ★اَلْوِلْدَانُ ★اَلزَّوْجَةُ ★يُتَرْجِمُ

★أَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ★ذَهَبَ صَاحِبُ الْمَالِ ★يَلْعَبُ وِلْدَانُ الْمَدْرَسَةِ ★تَرْجَمَ عُلَمَاءُ الْإِسْلَامِ ★يُتَرْجِمُ عَمُّ خَالِدٍ ★تَذْهَبُ نِسَاءُ الْقَرْيَةِ ★غَسَلَتْ زَوْجَةُ زَيْدٍ ★يُضْحِكُ عَبْدُالرَّسُوْلِ ★قَرَأَتْ بَنَاتُ بَكْرٍ.

مشق

عربی بنائیں

✪ مدد کی اللہ کے رسول نے (صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلّم) ✪ ترجمہ کیا زید کے لڑکے نے ✪ سنا خالد کی بیوی نے ✪ دھوتی ہیں گاؤں کی عورتیں ✪ پڑھتے ہیں بکر کے لڑکے ✪ سوار ہوئے علمائے اسلام ✪ ہنستی ہیں خالد کی لڑکیاں ✪ کھیلتا ہے زید کا چچا ✪ بکر کی بیٹی پارسا ہے ✪ زید کی بیٹی ہنس مکھ ہے ✪ یہ خالد کی کتاب ہے ✪ سنتے ہیں مدرسہ کے طالب علم ✪ پڑھا خالد کی دو بیویوں نے۔

سبق:13

فاعل بترکیبِ اِشارہ ومشارٌ اِلَیہ

★أَقْرَأُ ★فَهَّمَ ★عَلَّمَ ★اَلْمَوْلَوِیُّ ★اَلْمُقَاتَلَةُ ★اَلْمُنَاظَرَةُ

★أَقْرَأَ هٰذَا الْمَوْلَوِیُّ ★عَلَّمَتْ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ ★تَقْرَأُ تِلْكَ الصَّبِيَّةُ ★قَاتَلَ هٰؤُلَآءِ الرِّجَالُ ★نَاظَرَتْ تِلْكَ الْعُلَمَاءُ ★فَهَّمَ ذٰلِكَ السُّنِّيُّ ★ذَهَبَتْ هٰذِهِ الْبَنَاتُ ★قَرَأَ هٰذَانِ الْوَلَدَانِ.

مشق

عربی بنائیں

✪ پڑھتا ہے وہ لڑکا ✪ سمجھائے گا وہ عالم ✪ پڑھاتی ہے وہ عورت ✪ مناظرہ کیا مدرسہ کے لڑکوں نے ✪ جنگ کریں گے یہ طلبہ ✪ ہنستے ہیں یہ لڑکے ✪ سنا ان دو مردوں نے ✪ پڑھیں گی یہ لڑکیاں ✪ سمجھایا ان علماء نے ✪ مولوی کا لڑکا معلم ہے ✪ زید کے دو قلم نئے ہیں ✪ تعلیم دی شہر کے دو عالموں نے۔

سبق:14

خبر بہ ترکیبِ فعل وفاعل

★أَسْلَمَ ★أَعْلَنَ ★اَلدَّوْلَةُ ★اَلْكَافِرُ ★خَطَبَ.

★زَيْدٌ ضَرَبَ ★اَلْكَافِرُ أَسْلَمَ ★اَلرِّجَالُ قَاتَلُوْا ★اَلدَّوْلَةُ الْهِنْدِيَّةُ أَعْلَنَتْ ★اَلدَّوْلَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ طَالَبَتْ ★هٰؤُلَاءِ الْعُلَمَاءُ أَعْلَنُوْا ★وِلْدَانُ الْمَدْرَسَةِ خَطَبُوْا ★اَلْمُسْلِمُوْنَ نَصَرُوْا ★اَلْمَرْأَةُ ضَرَبَتْ ★اَلصَّبِيُّ قَرَأَ ★اَلنَّاسُ يَخْطُبُوْنَ ★اَلنِّسَاءُ يَعْلَمْنَ ★اَلْمُتَعَلِّمُوْنَ يَذْهَبُوْنَ ★مُسْلِمُوْ بَمْبَئِيْ ذَهَبُوْا ★مَوْلَوِيَّا الْبَلْدَةِ جَلَسَا.

مشق

عربی بنائیں

✪زید کے لڑکے جائیں گے ✪طلبہ نے مناظرہ کیا ✪مدرسے کے لڑکے تقریر کریں گے ✪ہندوستانی حکومت مطالبہ نہیں کرے گی ✪پاکستانی حکومت اعلان کرتی ہے ✪دو عالموں نے تقریر کی ✪طالبعلم پڑھتے ہیں۔

سبق:15

جملہ اِسمیہ اِستِفہامیہ

اسم استفہام: وہ اسم ہے جس کے ذریعے کسی چیز کو پوچھا جائے۔

★مَا ★مَنْ ★کَیْفَ ★مَتٰی ★أَیْنَ ★اَلْمِزَاجُ ★کَمْ ★اَلسَّاعَةُ ★اَلذَّهَابُ

★مَاهٰذَا؟ ★هٰذَا قَلَمٌ ★مَنْ أَنْتَ ؟ ★أَنَا زَیْدٌ ★مَنْ ضَرَبَ؟ ★ضَرَبَ خَالِدٌ ★مَتٰی ذَهَابُ زَیْدٍ؟ ★کَیْفَ مِزَاجُ عَمْرٍو؟ ★أَیْنَ السِّکِّیْنُ؟ ★کَمْ مَالُ زَیْدٍ؟ ★کَمِ السَّاعَةُ؟.

مشق

عربی بنائیں

✪وہ کیا ہے؟ ✪وہ دودھ ہے ✪یہ کون ہے ؟ ✪میں کون ہوں؟ ✪کس نے دھویا؟ ✪زید کی طبیعت کیسی ہے ؟ ✪کون پڑھتا ہے؟ ✪بکر کا علم کتنا ہے ؟ ✪سائیکل کہاں ہے ؟ ✪خالد کی بیوی کہاں ہے؟ ✪زید کا ہمنام کون ہے ؟

سبق:16

فعلِ مجہول

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر کیا جائے جیسے قَتَلَ رَجُلٌ یعنی قتل کیا ایک آدمی نے، اس مثال میں قَتَلَ فعل معروف ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر نہ کیا جائے، جیسے قُتِلَ زَیْدٌ یعنی قتل کیا گیا زید، اس مثال میں قُتِلَ فعل مجہول ہے۔

نائب فاعل: وہ اسم ہے جو فعل مجہول کے بعد فاعل کی جگہ پر لایا جائے جیسے قُتِلَ زَیْدٌ میں زیدٌ نائب فاعل ہے۔

★فُتِحَ ★مَثَلٌ ★ثَوْبٌ ★صَوْتٌ ★اُكْرِمَ ★اَلْبَابُ ★لُبِسَ ★جُرِحَ

★فُتِحَ الْبَابُ ★ضُرِبَ مَثَلٌ ★غُسِلَ الثَّوْبُ ★رُفِعَ الصَّوْتُ ★قُطِعَ الثَّوْبُ ★اُكْرِمَ الْعَالِمُ ★لُبِسَ السِّرْوَالُ ★جُرِحَ الْوَجْهُ ★قُرِئَ الْقُرْاٰنُ ★اَلنَّاسُ قُتِلُوْا ★اَلنِّسَآءُ ضُرِبْنَ ★كُسِرَ اللَّوْحُ.

نائبِ فاعل بہ ترکیبِ وصفی، اِضافی اوراِشاری

★شُرِبَ ★زَيۡتُ الۡغَارِ ★أُكِلَ ★اَلۡمَائِدَةُ ★اَلۡإِفۡرَاغُ ★نُوِّمَ

★وُجِدَ الۡمَآءُ الۡبَارِدُ ★شُرِبَ الۡمَاءُ الۡحَمِيۡمُ ★عُجِنَ دَقِيۡقُ الۡحِنۡطَةِ ★أُكِلَ هٰذَا الۡأَرُزُّ ★أُفۡرِغَ❶ زَيۡتُ الۡغَارِ❷ ★بُسِطَتِ الۡمَائِدَةُ ★نُوِّمَ عَبۡدُاللّٰهِ ★جُرِحَ وَجۡهُ الصَّبِيِّ ★غُسِلَ ثَوۡبُ الۡمَرۡأَةِ ★أُقۡرِئَ عَبۡدُالنَّبِيِّ ★قُرِعَتۡ هٰذِهِ الۡبَوَّابَةُ ★تِلۡكَ الۡقَعَّادَةُ❸ وُضِعَتۡ ★سُمِعَ صَوۡتُ النَّاسِ.

مشق

عربی بنائیں

✪ کھائی گئی وہ روٹی ✪ آٹا گوندھا گیا ✪ بچھایا گیا پاکیزہ رومال ✪ کھٹکھٹایا گیا مدرسے کا پھاٹک ✪ پیا گیا پانی ✪ مار ڈالا گیا جاہل مرد ✪ پڑھایا گیا نیک بخت لڑکا ✪ خوبصورت بچی سلائی گئی ✪ پایا گیا مٹی کا تیل ✪ ٹھنڈا پانی انڈیلا گیا ✪ خالد کی چارپائی بچھائی گئی ✪ زید کا کلام سنایا گیا ✪ زید کی لڑکیاں پڑھائی گئیں ✪ دستر خوان کہاں ہے؟ ✪ مسجد کا دروازہ نیا ہے ✪ خالد کی دو تختیاں دھوئی گئیں۔

---

❶ انڈیلا گیا، الإفراغ انڈیلنا ❷ مٹی کا تیل ❸ چارپائی

سبق:17

منصوبات

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یاء آئے جیسے اَلْمُسْلِمَ ★اَلْاٰیَاتِ ★أَخَا زَیْدٍ ★اَلْمُسْلِمَیْنِ ★اَلْمُسْلِمِیْنَ.

مفعول بہ: وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے قَتَلْتُ زَیْدًا اس مثال میں زَیْدًا مفعول بہ ہے کیونکہ فاعل کا فعل زید پر واقع ہوا ہے۔

★اٰیَۃٌ ★سُوْرَۃٌ ★رَأَیْتُ ★اَلْکَلْبُ ★اَلدَّرْسُ ★اَلْمُلْحِدُ

★قَتَلَ زَیْدٌ فِیْلًا ★سَمِعْتُ اٰیَۃً ★قَرَأَ الْعَالِمُ سُوْرَۃً ★رَأَیْتُ الطَّیَّارَۃَ ★بَکْرٌ أَذْھَبَ السَّیَّارَۃَ ★قَرَأْتُ اٰیَاتٍ ★اَلصَّبِیَّۃُ تَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ ★أَکَلْتُ الْخُبْزَ ★زَیْدٌ قَرَأَ الدَّرْسَ ★لَا تَضْرِبِ الْکَلْبَ ★عَلَّمَ أَبُوْ زَیْدٍ خَالِدًا ★اَلْوِلْدَانُ یَقْرَؤُوْنَ الدَّرْسَ ★اُکْتُبْ کِتَابًا ★نَظَرْتُ الْمُلْحِدِیْنَ[1] ★بَکْرٌ یُقْرِئُ الْمُسْلِمِیْنَ

---

[1] دین سے انحراف کرنے والے

★اَلرِّجَالُ شَرِبُوْا الْمَاءَ ★اِعْمَلُوْا الصَّالِحَاتِ.

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪مرد نے زید کو پڑھایا ✪ہاتھی نے بکر کو مار ڈالا ✪تم زید کو نہ مارو ✪میں سبق پڑھتا ہوں ✪عورتیں بکر کو مارتی ہیں ✪میں نے ایک خط لکھا ✪لوگوں نے بے دِینوں سے جنگ کی ✪زید نے مسلمانوں کی مدد کی ✪میں ایک سورۃ پڑھوں گا ✪بکر نے لڑکیوں کو پڑھایا۔

☆ سأل هشام بن عمرو فَتىً أعرابيا عن عمره
فقال :كم تَعُدُّ يا فَتَى العَرَبِ؟
قال الفتي :أَعُدُّ مِن واحد إلى ألف وأكثر
قال هشام :لم أُرِدْ هذا،بل أردتُ كم تَعُدُّ مِن السِّنِّ؟
قال الفتى: اثنين وثلاثِين سِنًّا في فَمِيْ. ستة عشر مِن فوقُ ومِثلُها مِن تحتُ
قال هشام: لَم أُرِدْ هذا.كم لك مِن السنين؟
قال الفتى :قدّره اللّٰه سبحانَه
قال هشام: قصدى أن أَسالَك ما سِنُّك؟
قال الفتى: سنّي مِن عَظمٍ
قال هشام :يا بُنَيَّ إنما أَقصِدُ ابنَ كَمٍ أنت؟
قال الفتى: طبعاً ابن اثنَين أب وأمّ
قال هشام: باللّٰه أُريدُ أن أسالَك ما عمرك؟
قال الفتى :الأعمارُ بِيَدِ اللّٰهِ لاَ يَعلَمُها إلاّ هو
قال هشام: وَيْحَكَ يا فتى، لقد حيّرتَنِي ماذا أقول؟
قال الفتى: قل: كَم مَضَى مِن عمرِك؟

سبق:18

مفعول بِہ بَہ ترکیبِ وصفی، اِشاری واِضافی

★اَلشُّجَاعُ ★اَلْقَرِيحُ ★اَلْهِنْدُوكِيُّ ★اَلسَّمَنُ ★يَكْرَهُ ★حَرَّمَ

★أَقَتَلْتَ الرَّجُلَ الشُّجَاعَ ★شَرِبْتُ الْمَاءَ الْحَمِيمَ ★اَلرِّجَالُ أَكَلُوا السَّمَنَ الْقَرِيحَ[1] ★اَلنَّاسُ يَشْرَبُوْنَ لَبَنَ الشَّاةِ ★رَأَيْتُ هِنْدُوكِيًّا[2] ★اَلْهَنَادِكُ لَايَأْكُلُوْنَ لَحْمَ الْبَقَرَةِ ★حَرَّمَ اللّٰهُ لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ ★زَيْدٌ لَايَلْبَسُ سِرْوَالاً وَسِخًا ★اَلصَّبِيُّ شَرِبَ هٰذَا الْمَاءَ ★ضَرَبْتُ هٰذَيْنِ الْوَلَدَيْنِ ★أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ ★اَعْرِفُ أَخَابَكْرٍ ★عَلَّمَ زَيْدٌ هٰذَا اللِّسَانَ ★يُقْرِئُ أَبُوْخَالِدٍ أَبَازَيْدٍ ★ضَرَبَ عَمٌّ بَكْرٍ أَخَاعَمْرٍو ★أَخُوْزَيْدٍ يَشْرَبُ الْمَاءَ الْبَارِدَ ★يَكْرَهُ ذُوالْمَالِ بَكْرًا ★أُعَظِّمُ ذَاالْعِلْمِ ★عَبْدُالرَّسُوْلِ يَعْلَمُ اللُّغَةَ الْأُرْدِيَّةَ ★اَلْكُفَّارُ يُكَذِّبُوْنَ اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ.

---

[1] خالص [2] ہندومذہب والا

مشق

عربی بنائیں

✪ کیا تم نے ابو الحسن کو دیکھا ✪ میں عربی زبان سکھاتا ہوں ✪ زید نے ایک بہادر مرد کو مار ڈالا ✪ ہندو گائے کا دودھ پیتے ہیں ✪ میں میلے کپڑے سے نفرت کرتا ہوں ✪ میں اس تختی کو دھوؤں گا ✪ ہم نے زید کے بھائی کو مارا ✪ خالد کے باپ نے بکر کو تعلیم دی ✪ میں نے ان دو لڑکیوں کو پڑھایا ✪ زید کا باپ خالد کا ہمنام ہے ✪ قرآن کی دو سورتیں پڑھی گئیں ✪ شہر کے دو ہندو مسلمان ہوئے ✪ یہ سڑک پختہ کی گئی۔

☆ ٤. سرکار میں نہ "لا" ہے نہ حاجت اگر کی ہے

أخبر أَبو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ أَنَّ أُنَاسًا مِنْ الْأَنْصَارِ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَسْأَلْهُ أَحَدٌ مِنْهُمْ إِلَّا أَعْطَاهُ حَتَّى نَفِدَ مَا عِنْدَهُ فَقَالَ لَهُمْ حِينَ نَفِدَ كُلُّ شَيْءٍ أَنْفَقَ بِيَدَيْهِ: مَا يَكُنْ عِنْدِي مِنْ خَيْرٍ لاَ أَدَّخِرْهُ عَنْكُمْ وَإِنَّهُ مَنْ يَسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللَّهُ وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللَّهُ وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللَّهُ وَلَنْ تُعْطَوْا عَطَاءً خَيْرًا وَأَوْسَعَ مِنْ الصَّبْرِ. (صحيح البخاري – ٢٠ / ١٠٨)

سبق:19

مفعول بِہ بَہ ضمیر

★ہٗ ★هُمَا ★هُمْ ★نِيْ ★نَا ★كَ ★إِيَّاهُ ★إِيَّاكَ ★اَلْإِرْسَالُ

★زَيْدٌ ضَرَبَهٗ ★ضَرَبَ زَيْدٌ إِيَّاهُ ★قَتَلْتُهُمَا ★نَصَرْتَهُنَّ ★نَنْصُرُهُمْ ★اَشْرَبُهَا ★خَالِدٌ أَكْرَمَنَا ★أَخُوْزَيْدٍ أَقْرَأَنِيْ ★اَللّٰهُ خَلَقَكُمْ ★يُكْرِمُ زَيْدٌ إِيَّايَ ★طَلَبَكَ خَالِدٌ ★طَلَبَ زَيْدٌ إِيَّايَ ★أَكْرَمْتُكُمَا ★زَيْدٌ أَخْرَجَكُنَّ ★مَدَحْتُكَ ★عَلَّمَ بَكْرٌ إِيَّاكَ ★عَلَّمَكَ بَكْرٌ ★أَرْسَلَ النَّاسُ إِيَّاهُمْ ★غَسَلْتُ لَوْحَيْ زَيْدٍ ★لَوْحَا زَيْدٍ مَغْسُوْلَانِ ★نَصَرْتُ مُسْلِمِيْ بَمْبَئِيْ ★ذٰلِكَ الْوَلَدُ قَرَأَ سُوْرَتَيِ الْقُرْاٰنِ.

مشق

عربی بنائیں

✪ کسی شخص نے اس کو مار ڈالا ✪ ان دو کی میں نے مدد کی ✪ تم نے اس (مؤنث) کو مارا ✪ لوگ ہماری تعظیم کرتے ہیں ✪ میں نے تجھ (مؤنث) کو نکالا ✪ لوگوں نے ان کئی (مؤنثوں) کو مار ڈالا ✪ خالد نے بھیجا مجھ کو ✪ زید ہم کو نہیں پہچانتا ہے ✪ زید تم لوگوں کو پڑھائے گا ✪ ہم نے تیری تعظیم کی ✪ زید نے ہم کو پلایا ✪ ان سب کی خالد مدد کرے گا ✪ میں زید کا دو موٹر لے جاؤں گا ✪ ہم نے مسلمانان بمبئی کو دیکھا ہے۔

☆ **ومن المنقول** عن عيسى عليه السلام أن إبليس جاءَ إليه فقال له أَلستَ تزعم أنه لا يصيبك إلا ما كتب الله لك قال بلى قال فَارْمِ بنفسك مِن هذا الجبل فإنه إن قدر لك السلامةَ تَسلم فقال له يا معلونُ إن لله عزوجل أن يختبرَ عبادَه وليس للعبد أن يختبر ربَّه عزوجل.

☆ **كان لإبراهيم** بن طهمان جِرايةٌ مِن بيتِ المال فسُئِلَ عن مسألة في مجلس الخليفةِ فقال لا أَدرِي فقالوا له تَأخُذُ في كلِّ شهرٍ كذا وكذا ولا تُحْسِنُ مسألةً فقال إنما آخُذُ على ما أُحْسِنُ ولو أَخذتُ على ما لا أُحسِنُ لَفَنِيَ بيتُ المالِ ولا يَفْنٰى ما لا أُحسِنُ فأَعجَبَ الخليفةَ جوابُه، وأَمَرَ له بِجَائِزةٍ فاخِرةٍ وزَادَ في جِرايَتِه. **(الأذكياء لابن الجوزي)**

سبق:20

مفعولِ فیہ

وہ اسم ہے جس کا مصداق فاعل کے فعل کے لئے وقت یا جگہ واقع ہو، جیسے اَلْوَلَدُ دَخَلَ الْمَدْرَسَةَ ★اِغْتَسَلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ان مثالوں میں اَلْمَدْرَسَةَ اور يَوْمَ الْجُمُعَةِ مفعول فیہ ہے، ترکیب میں مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

★يَسْكُنُ ★اَلْيَوْمَ ★غَدًا ★أَمْسِ ★قَبْلُ ★بَعْدُ ★تَحْتُ ★فَوْقُ ★ثُمَّ

★زَيْدٌ يَسْكُنُ الْقَرْيَةَ ★ضَرَبْتَ الْيَوْمَ ★اَلرَّجُلُ يَذْهَبُ غَداً ★قَرَأْتُ أَمْسِ ★أَكَلَ النَّاسُ قَبْلَ الْكِتَابَةِ ★دَفَنْتُ الْمَالَ تَحْتَ الْأَرْضِ ★جَلَسْتُ فَوْقَ السَّيَّارَةِ ★قَتَلَ زَيْدٌ خَلْفَ الدَّارِ ★لَاتَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى ★وَقَفَ الرَّجُلُ قُدَّامَ السَّيَّارَةِ ★لَاتَكْتُبْ بَعْدَ الْعَصْرِ ★زَيْدٌ قَرَأَ الْقُرْآنَ عِنْدَ خَالِدٍ ★بُسِطَ الْحَصِيْرُ أَمَامَ زَيْدٍ ★ذَهَبَ عَمْرٌو بَعْدَ الْعِشَاءِ ★أَبُوْكَ أَكَلَ الطَّعَامَ هٰهُنَا

★اِجْلِسْ ثَمَّ ★أَيْنَ قَلَمُكَ؟.

مشق

عربی بنائیں

✪میں آج لکھوں گا ✪تم کل جاؤ گے ✪لوگ کل گئے ✪میں نے لکھنے سے پہلے کھایا ✪میں یہاں بیٹھوں گا ✪یہ مرد گاؤں میں رہتا ہے ✪میں نے چٹائی کے نیچے خط پایا ✪زید نے چارپائی کے اوپر سلایا ✪زید کے لڑکے آج مارے گئے ✪ایک عورت بکر کے پاس بیٹھی ہے ✪خالد کو عشاء کے بعد سلاؤ ✪میں زید کے آگے موٹر لے گیا ✪تم زید کو خالد کے سامنے پڑھاؤ ✪مسجد کا دروازہ کھولو ✪تو نے مجھے طلب کیا ✪زید وہاں نہیں پڑھے گا۔

حكاياتُ جُحَا

☆ **أَهدى** رجل لِجُحَا خاتَماً بدون فصّ، فقال له جحا: الله يُعطيك في الجنة بيتا بدون سقف.

☆ **سَئَلَ** جُحَا شخصٌ إذا أصبح الصبحُ خرج الناسُ من بيوتهم إلى جهات شَتّى، فلِمَ لا يذهبون إلى جهة واحدة؟

فقال له: إنما يذهب الناس إلى كل جهة حتى تحفظ الأرض تَوازنَها أما لو ذهبوا في جهة واحد فسيختلّ توازنُ الأرضِ، وتميل وتسقط.

سبق:21

مفعولِ مطلق ومفعولِ لَه

مفعولِ مطلق: وہ مصدر ہے جس کے پہلے کوئی فعل اسی مصدر کے معنی میں ہو جیسے جَلَسْتُ جَلْسَةً، اس مثال میں جَلْسَةً مفعول مطلق ہے۔

مفعولِ لَه: وہ اسم ہے جو فاعل کے فعل کا سبب ہو جیسے قَتَلْتُ غَضَباً اس مثال میں غَضَباً مفعول لہ ہے۔

★هِدَايَةً ★تَأْدِيباً ★جَهَالَةً ★سَئَلْتُ ★اَلتَّسْلِيمُ ★اَلْخَالُ

★أَرْسَلَ اللّٰهُ الْأَنْبِيَاءَ هِدَايَةً ★لَا تَقْتُلْ غَضَباً ★سَلِّمُوْا تَسْلِيماً ★جَلَسْتُ جِلْسَةَ الْعَالِمِ ★ضَرَبَ زَيْدٌ ضَرْبَةً ★فَعَلُوْا جَهَالَةً ★سَئَلَ زَيْدٌ إِيَّایَ الْقِرْطَاسَ ★قَرَأَ خَالِدٌ كِتَابَ اللّٰهِ ★ضَرَبَنِیْ أَخُو بَكْرٍ تَأْدِيباً ★مَنْ أَقْرَأَ وَلَدَكَ؟ ★أَبُوْكَ خَالِیْ ★اَلْخَالُ أَخُو الْأُمِّ .

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪لوگ علماء کے بیٹھنے کی طرح بیٹھے ✪میں نے زید کے بھائی کو ایک بار مارا ✪تو نے نادانی کی وجہ سے کیا ✪زید کے باپ نے بکر کو غصہ کی وجہ سے قتل کیا ✪ہم نے خالد کو ادب دینے کے لیے مارا ✪ہم نے زید سے ایک کتاب مانگی ✪جمعہ کے دن زید یہاں قرآن پڑھے گا۔

☆ **يحكى** أن جماعة جاؤوا إلى أبي حنيفة رضي الله عنه ليناظروه في القراءة خلف الإمام ويبكتوه ويشنعوا عليه فقال لهم لا يُمكنني مناظرة الجميع ففوِّضُوا أمرَ المناظرةِ إلى أعلَمِكم لأُناظِرَه، فأَشارُوا إلى واحد، فقال هذا أَعلَمُكم فقالوا نعم، قال والمناظرةُ معه مناظرةٌ لكم قالوا نعم، قال والإلزامُ عليه كالإلزامِ عليكم قالوا: نعم، قال وإن ناظرتُه وأَلزمتُه الحجةَ فقد أَلزمتُكم الحُجّةَ قالوا: نعم، قال: وكيف؟ قالوا: لأنّا رَضِينا به إماماً فكان قولُه قولَنا، فقال أبو حنيفةَ فنحن لمّا اختَرنا الإمامَ في الصلاة كانت قراءتُه قراءةً لنا وهو يَنُوبُ عنا فأَقَرُّوا له بالإلزام. **(روح البيان)**

☆ وعن أبي يوسف قال مات لي ولد فأمرت من يتولى دفنه ولم أدع مجلس أبي حنيفة خوفا أن يفوتني منه يوم. **(المستطرف)**

سبق:22

مفعول بہ اَسمائے اِستِفہام

★مَنْ ضَرَبْتَ ؟ ★مَا سَئَلْتَ ؟ ★مَتٰی ذَهَبَ زَیْدٌ ؟

★کَیْفَ نَسْمَعُ؟ ★أَیْنَ یَسْکُنُ خَالُ زَیْدٍ؟ ★هُوَیَسْکُنُ الْبَلْدَةَ

★کَمْ أَخَذْتَ؟ ★أَخَذْتُ نِصْفَ الرُّوبِیَةِ ★کَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ؟

★مَتٰی تَقْرَأُ الصَّبِیَّةُ ★مَا أَكْتُبُ ★أُكْتُبْ دَرْسَكَ ★مَا اسْمُكَ؟

★اِسْمِیْ عَبْدُالرَّحْمٰنِ الْقَادِرِیُّ ★اِسْمُ عَمِّ خَالِدٍ أَبُوْبَكْرٍ ★هَلْ

رَأَیْتَ أَبَا بَكْرٍ؟ ★مَا رَأَیْتُه.

مشق

عربی بنائیں

✪ہاتھی کو کس نے مار ڈالا ؟ ✪زید نے کیا[1] پڑھا؟ ✪کیا[2] زید نے پڑھا؟ ✪لوگوں نے ابو بکر کو کب مارا؟ ✪خالد کیسے پڑھے گا؟ ✪تو

---

(۱) (استفہام اسمی ہے ۱۲)

(۲) (استفہام حرفی ہے ۱۲)

نے یہ روپیہ کہاں پایا؟ ✪ میں کس سے مانگوں گا؟ ✪ تم کیا کھاؤ گے؟ ✪ مدرسے کے لڑکے کب پڑھیں گے؟ ✪ زید کے ماموں کا نام کیا ہے؟ ✪ اس بچے نے کتنا پڑھا؟ ✪ میں نے آدھی کتاب پڑھی؟۔

☆ **قاتلُ مائةِ نُفوس**

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: (كان فيمن قبلكم رجل قتل تسعة وتسعين نفساً ، فسأل عن أعلم أهل الأرض ، فدل على راهب، فأتاه)

القاتلُ (نادماً) : إني قتلت تسعة وتسعين نفساً، فهل لي من توبة؟

الراهب (في غباوة وجهل): لا.الرجل يقتل الراهب فيكمل به المائةَ. ثم يسأل عن أعلم أهل الأرض، فيَدُلُّونه على رجل عالم. القاتل: إني قتلت مائة نفس، فهل لي من توبة؟ العالم (في ثقة): نعم، ومن يحول بينك وبين التوبة ! انطلق إلى أرض كذا وكذا فإن بها أُناساً يعبدون اللهَ تعالى فأعْبُدِ اللهَ مَعَهم، ولا تَرجع إلى أرضك فإنها أرض سوء.

(ينطلق الرجل حتى إذا نصف الطريق أي وصل نصفه أتاه الموت فاختصمت فيه ملائكة الرحمة وملائكة العذاب).

ملائكة الرحمة: جاء تائباً مقبلاً بقلبه إلى الله تعالى.

ملائكة العذاب: إنه لم يعمل خيراً قط.

(يأتيهم ملك في صورة آدمي فجعلوه بينهم).

المَلَكُ (يَحكُمُ) : قِيسوا ما بين الأرضَين ، فإلى أيّتهما كان أدنى فهو له.

(الملائكة تقيس ما بين الأرضَين فتجدُ التائبَ أقربَ إلى الأرض التي أرادها بشِبرٍ، فتقبضه ملائكةُ الرحمة). **(من بدائع القصص النبوي الصحيح)**

سبق:23

حال، ذوالحال

حال: وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول بہ کی حالت بیان کرے۔

ذوالحال: وہ فاعل یا مفعول بہ ہے جس کی حالت بیان کی گئی ہو، جیسے ذَهَبَ زَيْدٌ رَاكِباً یعنی زید سوار ہو کر گیا، اس مثال میں زَيْدٌ فاعل اور ذوالحال ہے، رَاكِباً حال ہے اور جیسے ضَرَبْتُ زَيْدًا مَشْدُوْدًا میں نے زید کو باندھ کر مارا۔ اس مثال میں زَيْدًا مفعول بہ اور ذوالحال اور مَشْدُوْدًا اس کا حال ہے۔

★نَاظِرًا ★ضَاحِكاً ★جَاهِراً ★قَدِمَ ★شَاهِدًا ★سَالِماً

★قَدِمَ زَيْدٌ ضَاحِكاً ★يَقْرَأُ خَالِدٌ جَاهِراً ★كَتَبَ الرَّجُلَانِ جَالِسَيْنِ ★ضَرَبَ زَيْدٌ أَخَاهُ مَشْدُوداً ★اَلطَّلَبَةُ ذَهَبُوْا رَاكِبِيْنَ ★وَجَدْتُ خَالِداً وَ(۱) هُوَيَكْتُبُ ★أَرْسَلَ اللّٰهُ نَبِيَّنَا

(۱) (یہاں "واو" حالیہ ہے ۱۲)

شَاهِدًا ★جَلَسَ الْمُلْحِدُ سَاكِتاً ★رَجَعَ السُّنِّيُّ سَالِماً ★أَخْطُبُ بَعْدَ الْأَكْلِ ★رَأَيْتُ عَمَّتِيْ حَزِيْنَةً ★جَلَسْنَا مُتَأَدِّبِيْنَ عِنْدَ أُسْتَاذِنَا ★قَرَأْتُ نَاظِراً.

مشق

عربی بنائیں

✪ہم نے تمہیں حاضر بنا کر بھیجا ✪زید کے لڑکے ہنستے ہوئے آئے ✪طلبہ نے دیکھ کر پڑھا ✪دو طالب علموں نے زور سے پڑھا ✪زید نے بکر کو پڑھتے ہوئے پایا ✪خالد کا باپ بخیریت لوٹا ✪لوگوں نے مجھ کو باندھ کر مارا ✪زید بیٹھ کر پڑھے گا ✪ لڑکے کھا کر(1) پڑھیں گے ✪زید کی بیوی غمگین ہو کر بیٹھی۔

(1) (یہاں "کر" حالیہ نہیں ۱۲)

سبق:24

تمییز

تمییز: وہ اسم ہے جو پوشید گی دور کرے۔

ممیز: وہ اسم ہے جس میں ابہام اور پوشید گی ہو جیسے زَیدٌ أَحْسَنُ وَجْهاً، اس مثال میں أَحْسَنُ ممیز اور وَجْهاً اس کی تمیز ہے۔

★اَلسِّنُّ ★أَكْثَرُ ★عَقِيدَةٌ ★نَفْساً ★أَسْبَقُ ★اَلتَّصَلُّبُ[۱]

★زَيدٌ أَكْثَرُ سِنّاً ★أَنَا أَكْثَرُ مَالاً ★هٰذَا الرَّجُلُ أَطْيَبُ نَفْساً ★اَلسُّنِّيُّ مُتَصَلِّبٌ اِعْتِقَادًا ★أَخُو بَكْرٍ صَغِيرٌ سِنّاً ★رَأَيتُ عِشْرِينَ قَلَماً ★هُوَ كَامِلٌ إِيْمَاناً ★نَحْنُ أَهْلُ السُّنَّةِ عَقِيدَةً ★زَيدٌ أَفْضَلُ عِلْماً ★هٰذَا الْوَلَدُ أَسْبَقُ قِرَائَةً.

(۱) (سخت ہونا، ٹھوس ہونا، پختہ ہونا۱۲)

مشق

عربی بنائیں

✪زید پاکیزہ طبیعت والا ہے ✪ابو بکر زیادہ روپے والا ہے ✪خالد کا بچہ عقیدے میں پختہ ہے ✪میں عمر میں چھوٹا ہوں ✪خالد کا باپ لکھنے میں آگے ہے ✪نیا موٹر میں لے جاؤں گا ✪میں گائے کا دودھ نہیں پیوں گا ✪مسجد کا ستون لمبا ہے ✪زید کا باپ خالد کا بھائی ہے ✪میں نے تیرے ماموں کو لکھتے ہوئے دیکھا ✪زید نے تمہاری پھوپھی کو کھاتے ہوئے پایا ✪بکر کا چچا تیرا باپ ہے ✪نماز کی کنجی کیا ہے ؟ ✪تیرا لڑکا کون ہے ؟ ✪ہوشیار لڑکا قرآن پڑھتا ہے ✪میری ماں قرآن دیکھ کر پڑھتی ہے۔

☆ **صلى** أعرابي خلف إمام فقرأ ﴿إِنّا أَرسَلنَا نُوحًا إِلى قَومِه﴾ ثم وقف وجعل يُرَدِّدُها فقال الأعرابي أَرسِلْ غَيرَه يَرحَمُك اللهُ وأَرِحْنَا وأَرِحْ نَفسَك.

☆ **وصلى** آخَرُ خَلفَ إمامٍ فقَرَأَ ﴿فَلَنْ أَبرَحَ الأَرضَ حتّى يَأذَنَ لِي أَبِيْ﴾ ووقف وجعل يُرَدِّدُها فقال الأَعرابِيّ يا فقيهُ إذا لم يَأذن ذلك أبوك في هذا الليل نَظَلّ نحن وُقوفا إلى الصباح ثم تَركه وانصَرفَ.

(المستطرف - ٢ / ٥١٣)

سبق:25

منادٰی

منادٰی: وہ اسم ہے جس پر حرفِ نداء داخل ہو جیسے یَا رَجُلُ یعنی اے آدمی، اس مثال میں رَجُلُ منادٰی ہے۔

نداء: وہ حرف ہے جس کو پکارنے کے لیے وضع کیا گیا جیسے یَا۔

★اُرْزُقْ ★اُنْظُرْ ★اَلتَّثْبِيْتُ ★مُرَّ ★اَلْأَقْدَامُ

★يَا اَللّٰهُ ★اُنْصُرِ الْمُسْلِمِيْنَ ★يَا زَيْدُ لَا تَظْلِمْ أَخَاكَ ★اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا الْجَنَّةَ ★يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُنْظُرْ حَالَنَا ★يَا رَبَّنَا ثَبِّتْ أَقْدَامَنَا ★يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ★أَصْلِحِ الْمُسْلِمِيْنَ ★اِشْفَعْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ ★يَا رَجُلُ لَا تَقْتُلْ زَيْداً ★يَا رَبِّي تَقَبَّلْ دُعَاءِيْ ★يَا عَبْدَ الرَّسُوْلِ تَعَلَّمِ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ.

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪ اے اللہ !تو ہمیں علم نصیب کر ✪ اے خالد ! تو ایک خط لکھ ✪ اے شخص زور سے قرآن پڑھ ✪ اے عبداللہ اپنے بھائی کی تعظیم کرو ✪ اے عبدالرسول ! تم زید کا کپڑا دھو ✪ میں اردو زبان سیکھتا ہوں ✪ اے میرے رب !میں تجھ سے جنت مانگتا ہوں۔

☆ **لَزِمَ** أَعرابيٌّ سفيانَ بنَ عيينةَ مدَّةً يَسمع منه الحديثَ فلمّا أن جاء لِيُسافِر قال له سفيانُ يا أعرابيُّ ما أَعجَبَك مِن حديثِنا قال ثلاثةُ أَحاديثَ؛ حديث عائشةَ رضي الله تعالى عنها عن النبي (أنه كان يُحبّ الحلوى والعسل) وحديثه عليه الصلاة و السلام (إذا وُضع العَشاءُ وحَضرتِ الصلاةُ فابدَأُوا بالعَشاء) وحديث عائشةَ عنه أيضا (ليس مِن البِرّ الصومُ في السفرِ).

(المستطرف - ۲ / ۵۱۳)

☆ **قال** الإمام أبو حنيفة رضي الله عنه: دخلتُ الباديةَ فاحتَجتُ إلى الماء فجاءني أعرابيٌّ ومعه قِربَةٌ ملآنة فأَبٰى أن يَبِيعَها إلا بخمسة دراهمَ فدفعتُها له ثم أخذتُ القِربةَ فقلتُ ما رأْيُكَ يا أعرابي في السويق فقال هاتِ فأعطيتُه سويقاً مَلتُوتاً بِزَيتٍ فجعل يأكل حتى امتلأَ ثم عطش فقال عليّ بشربة فقلتُ بخمسة دراهم على قدحٍ مِن ماءٍ فاستَرْدَدْتُ الخمسةَ وبَقِيَ الماءُ.

(ثمرات الأوراق - ۱ / ۵۱)

سبق:26

حروف مشبہ بہ فعل

حرفِ مشبہ: وہ حرف جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو منصوب اور خبر کو مرفوع کرے۔ جیسے إِنَّ وغیرہ۔

★إِنَّ ★أَنَّ ★كَأَنَّ ★لَيْتَ ★لٰكِنَّ ★لَعَلَّ ★اَلْقُعُوْدُ

★إِنَّ اللهَ عَلِيْمٌ ★إِنَّ اللهَ عَالِمُ الْغَيْبِ ★إِنَّ اللّٰهَ عَلَّمَ النَّبِيَّ الْغَيْبَ ★إِنَّ الْغَيْبَ مَعْلُوْمُ النَّبِيِّ ★اِعْلَمْ أَنَّ زَيْداً حَنَفِيٌّ ★كَأَنَّ عَمْرواً عَالِمٌ ★إِنِّيْ سُنِّيٌّ ★إِنَّنِيْ أَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ ★إِنَّا أَصْحَابُ الْمَالِ ★إِنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ★لَيْتَ بَكْراً نَبِيَّهٌ ★إِنَّ بَكْراً لَمْ يَقْدَمْ لٰكِنَّ صَدِيْقَه حَاضِرٌ ★لَعَلَّ عَمْرواً يَقْرَأُ ★إِنَّه جَالِسٌ ★إِنَّكِ قَاعِدَةٌ ★إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ كَاذِبُوْنَ ★إِنَّ هٰذِهٖ بِنْتُ خَالِدٍ ★أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ ★سَمِعْتُ أَنَّکُمْ قَتَلْتُمُ الْفِیْلَ ★إِنَّ أَبَا بَکْرٍ عَلِیْلٌ ★إِنَّ الْحَسَنَاتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّئَاتِ. (سورۃ الھود، الآیۃ ۱۱۴)

مشق

عربی بنائیں

✪ بے شک اللہ یکتا ہے ✪ بے شک نبی کو غیب بتایا گیا ✪ تم جان لو کہ زید نے مارا ✪ زید گویا کہ عقلمند ہے ✪ کاش کہ بکر مالدار ہوتا ✪ شاید بکر جائے ✪ بے شک خالد بے وقوف ہے لیکن اس کا لڑکا ہوشیار ہے ✪ میں جانتا ہوں کہ زید جھوٹا ہے ✪ ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ پروردگار ہے ✪ لوگوں نے سنا کہ زید کی ماں رنجیدہ ہوکر گئی ✪ بے شک گاؤں کے رہنے والے ہوشیار ہیں ✪ ابوالحسن ضرور بہادر ہے ✪ واقعی تم سنی ہو۔

ہدایت: مذکورہ بالا اردو جملوں میں جہاں ”کہ“ بیانیہ استعمال ہوا ہے، عربی بناتے وقت اس کی جگہ ”أَنَّ“ لاؤ۔

سبق:27
افعالِ ناقصہ

فعل ناقص: وہ فعل ہے جو جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرے جیسے کَانَ وغیرہ۔

★کَانَ ★صَارَ ★لَيْسَ ★غَنِيٌّ ★مَلِكٌ ★اَلْعَجُوْزُ

★كَانَ زَيْدٌ فَقِيْراً ★صَارَ أَبُوْبَكْرٍ مَلِكاً ★لَيْسَ عَمْرٌو غَنِيّاً ★صَارَ هٰذَانِ الرَّجُلَانِ عَالِمَيْنِ ★كَانَ الْعَالِمُ يَكْتُبُ ★كَانَ خَالِدٌ قَرَأَ ★كَانَتْ زَوْجَةُ زَيْدٍ ضَاحِكَةً ★أَخُوْ زَيْدٍ كَانَ أَكَلَ ★لَيْسَ عَمْرٌو قَاتِلاً ★إِنَّ عَمَّةَ بَكْرٍ صَارَتْ عَجُوْزاً ★لَيْسَتْ بِنْتُ خَالِدٍ خَالَةَ زَيْدٍ.

مشق
عربی بنائیں

✪ بکر سنی ہو گیا ✪ مرد بیٹھا نہیں ہے ✪ ابو بکر مالدار تھا ✪ بکر نے تقریر کی تھی ✪ زید سنتا تھا ✪ بے شک میری خالہ زید کی ماں ہے

✪میری مسواک لمبی تھی ✪کیا تم نے دیکھا کہ خالد جارہا تھا ✪میں نے عمرو کو پایا لیکن اس کو میں نے مارا نہیں۔

حكايات جُحَا

☆ كان جحا في الطابق العلوي من منزله، فطرق بابه أحد الأشخاص، فأطلّ من الشباك فرأى رجلا، فقال: ماذا تريد؟

قال: انزل إلى تحتُ لأكلّمك، فنزل جحا.

فقال الرجل: أنا فقير الحالِ أريد حسنة يا سيدي. فاغتاظ جحا منه ولكنه كتم غيظه وقال له: أَتْبِعْنِيْ.

وصعد جحا الى أعلى البيت والرجل يُتبعه، فلمّا وَصَلاَ الى الطابق العلوي التفت إلى السائل وقال له: الله يُعطيك.

فأجابه الفقير: ولِماذا لم تَقُل لي ذلك ونحن تحتُ؟

فقال جحا: وأنت لِماذا أَنزَلتَنِي ولم تَقُل لي وأنا فوقُ؟

☆ تَزوّج جُحَا امرأةً حولة تَرى الشيءَ شيئَين، فلما كان يحين موعد الغداء أتى بِرغيفَين، فرأتهما أربعة، ثم أتى بالإناء فوضعه أمامها، فقالت له: ما تصنع بإناءين وأربعة أرغفة؟ يكفي إناء واحد و رغيفان.

ففرح جحا وقال : يَالَها مِن نعمةٍ! وجلس يأكل مَعَها، فرمتْه بإناء بما فيه من الطعام وقالت له: هل أنا فاجرة حتى تأتي برجل آخر مَعَك لِينظر إليّ؟ فقال جحا: يا حبيبتي ، أَبصِري كلَّ شيءٍ اثنَين ما عدا أنا.

سبق:28

مجرورات

مجرور: وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو۔

الانتباہ: اساتذہ اور طلبہ کے محاورہ میں مجرور سے مراد وہ اسم ہے جس پر حرف جار آیا ہو۔

جار: وہ حرف ہے جس کی وجہ سے اسم پر کسرہ یا فتحہ یا یاء آئے، جیسے عَلٰی زَیْدٍ اس مثال میں زَیْدٍ مجرور عَلٰی حرف جار ہے اور مثلاً إِلٰی مَکَّةَ میں إِلٰی حرف جار اور مَکَّةَ مجرور ہے اور جیسے عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ، اس مثال میں الْمُسْلِمِیْنَ مجرور ہے۔

★إِلٰی ★عَلٰی ★مِنْ ★فِیْ ★لِ ★سَافَرَ ★بِ ★حَتّٰی ★اَلْمَحَطَّةُ

★زَیْدٌ تَرْجَمَ الْقُرْاٰنَ بِالْأُرْدِیَّةِ ★اَلطَّلَبَةُ یُتَرْجِمُوْنَ الْعَرَبِیَّةَ بِاللُّغَةِ الْأِنْجِلِیْزِیَّةِ ★سَلَّمَ زَیْدٌ عَلٰی خَالِدٍ ★ذَهَبَ الزَّعِیْمُ إِلٰی لَنْدَنَ ★اِذْهَبْ غَداً إِلٰی بَمْبَئِیْ ★اَلنَّاسُ یُسَافِرُوْنَ بِالطَّیَّارَةِ ★تَذْهَبُ الْمَرْأَةُ إِلَی السُّوْقِ ★یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ ★إِلٰی أَیْنَ

ذَهَبْتُ؟ ★قَدِمْتُ بِالدَّرَّاجَةِ ★عَرَّبْتُ هٰذِهِ الْجُمْلَةَ ★عَبَرْتُ النَّهْرَ بِالْبَاخِرَةِ ❶ ★أَنَا جَالِسٌ فِي الْمَدْرَسَةِ ★رَقَدَ أَبُوْ زَيْدٍ حَتَّى الصَّبَاحِ ★اَلنَّاسُ ذَهَبُوْا مِنَ السُّوْقِ إِلَى الْمَحَطَّةِ ❷ ★اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ★اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ ★اَلصَّلَاةُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ★سَلَّمْتُ عَلٰى أَخِيْ زَيْدٍ ★قَالَ اللّٰهُ جَلَّ شَانُه ★لَا تَقْتُلُوْا أَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلَاقٍ ★نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ. (سورۃ الأنعام، الآیۃ ۱۵۱)

مشق

تَرْجِمُوْا هٰذِهِ الْجُمَلَ بِالْعَرَبِيَّةِ

✪ تم علماء کو سلام کرو ✪ ہم مسجد جائیں گے ✪ ابو بکر نے اردو کی عربی بنائی ✪ میں نے عربی کی اردو بنائی ✪ یہ لڑکے انگریزی زبان سیکھتے ہیں ✪ خالد کے باپ نے دریا کو اسٹیمر سے پار کیا ✪ میں موٹر میں بیٹھا ہوں ✪ وہ شخص کہاں گیا؟ ✪ زید کی عورت بازار کب جائے گی؟ ✪ زید کل

---

❶ اسٹیمر، دُخانی کشتی، سمندری جہاز ❷ اسٹیشن

بمبئ سے دہلی گیا ✪ دو لیڈر کل بمبئ جائیں گے ✪ اے زید! تم اس جملہ کی عربی بناؤ ✪ طلبہ مدرسہ میں تقریر کرتے ہیں ✪ میں زید کے ماموں کو سلام کروں گا ✪ خالد کا باپ عصر تک لکھتا تھا ✪ میں نے تمہارے باپ کو سلام کیا۔

★ وَ ★ كَ ★ عَنْ ★ اَلْإِظْهَارُ عَلٰی (قابو دینا) ★ اَلسُّؤَالُ عَنْ (پوچھنا) ★ اَلتَّمَكُّنُ مِنْ (سکنا) ★ جَعَلَ ★ اَلْجَسَدُ

★ وَاللّٰهِ لَأَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ ★ زَيْدٌ كَالْأَسَدِ فِي الشَّجَاعَةِ ★ سَئَلْتُ زَيْداً عَنِ الْوَهَابِيِّيْنَ ★ إِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ رَسُوْلَنَا (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) خَاتَمَ الْأَنْبِيَاءِ ★ مَا مَعْنٰى خَاتَمِ الْأَنْبِيَاءِ؟ ★ مَعْنَاهُ اٰخِرُ الْأَنْبِيَاءِ ★ إِنَّ اللّٰهَ يُظْهِرُ رُسُلَهٗ عَلَى الْغَيْبِ ★ إِنَّ نَبِيَّنَا (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) مُظْهَرٌ عَلَى الْغَيْبِ ★ مَنْ جَعَلَ الْأَنْبِيَاءَ عَالِمِيْنَ بِالْغَيْبِ؟ ★ إِنَّ اللّٰهَ جَعَلَهُمْ عَالِمِيْنَ بِالْغَيْبِ ★ أَهٰذَا فِيْ قُدْرَةِ اللّٰهِ؟ ★ نَعَمْ

★إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ★خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكُفَّارِ الْمُعَانِدِيْنَ[1] ★فَضَّلَ اللّٰهُ نَبِيَّنَا عَلٰى جَمِيْعِ الْمُرْسَلِيْنَ ★إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ ★فَنَبِيُّ اللّٰهِ حَيٌّ يُرْزَقُ فِيْ قَبْرِهٖ(۱) ★عَلٰى مَنْ تَقْرَأُ؟ ★أَقْرَأُ عَلٰى أَبِيْ زَيْدٍ ★هٰذَا الْوَلَدُ يَقْرَأُ عَلَى ذٰلِكَ الْمَوْلَوِيِّ ★اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ★زَيْدٌ يَتَمَكَّنُ مِنَ الْخِطَابَةِ ★هُوَ عَالِمٌ بِالْأُرْدِيَّةِ ★إِنِّيْ لَا أَتَمَكَّنُ مِنَ الْاِغْتِسَالِ إِذْ أَنَا عَلِيْلٌ ★هَلْ تَتَمَكَّنُ مِنَ التَّكَلُّمِ بِالْعَرَبِيَّةِ؟ ★نَعَمْ ★أَتَمَكَّنُ مِنَ التَّكَلُّمِ بِالْعَرَبِيَّةِ ★اِجْتَنِبُوْا صُحْبَةَ صَاحِبِ الْبِدْعَةِ حَتَّى الْإِمْكَانِ ★مَا تَرْجَمَةُ صَاحِبِ الْبِدْعَةِ بِالْأُرْدِيَّةِ ★تَرْجَمَتُهٗ بِالْأُرْدِيَّةِ "بدمذہب" ★سَأَلْتُ زَيْدَنِ الْقِرْطَاسَ لِلْكِتَابَةِ ★لَمْ يَتَمَكَّنْ زَيْدٌ مِنَ الذَّهَابِ إِلَى السُّوْقِ ★مَتٰى تَذْهَبُ

---

[1] جان بوجھ کر حق کو ٹھکرانے والے، (۱) (مشکاۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب الجمعۃ، الحدیث: ۱۳۶۱، ۱/۲۶۴)

إِلٰی مَکَّۃَ الْمُعَظَّمَۃِ ؟ ★فِي الدَّارِ وَلَدٌ ★اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ.

مشق

عَرِّبُوا الْجُمَلَ الْأُرْدِیَّۃَ

✪زید کا لڑکا لکھ سکتا ہے ✪ بدمذہب کی تعظیم نہ کر ✪طلبہ نے خالد کے چچا سے پڑھا ✪غیب کا علم انبیاء کے لیے ثابت ہے ✪یہ لڑکا کس سے پڑھتا ہے؟ ✪بے شک اللہ نے ہمارے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کو غیب پر قابو دیا ✪زید نے مجھ سے مسواک کے بارہ میں پوچھا ✪زید مجھ سے ایک قلم مانگتا تھا ✪میں ابو بکر کو طاقت بھر پڑھاؤں گا ✪میں اسٹیشن نہیں جاسکا ✪بے شک اللہ نے ہمیں مسلمان بنایا ✪لڑکے کھیلتے ہوئے مدرسے گئے ✪میں نے عربی میں بات چیت کی ✪خالد کا بھائی عالم کی طرح ہے ✪زید کے لڑکے عربی داں ہیں ✪بکر کے دو پاجامے دھوئے گئے ✪میں اُردو داں ہوں ✪دہلی کے مسلمان جمعہ کے دن لکھنؤ گئے ✪خالد دو قلموں سے لکھتا ہے ✪بکر نے زید کی دو کتابیں پائیں ✪میں نے شہر کے مسلمانوں کو سلام کیا۔

سبق:29

حروفِ عاطفه

★وَ ★ثُمَّ ★مَجَلَّةٌ ★جَرِیْدَةٌ ★اَلتَّصْدِیْرُ ★اَلْبَسْمَلَةُ

★ضَرَبْتُ زَیْداً وَّبَکْراً ★جَعَلَه اللّٰهُ وَرَسُوْلُه غَنِیّاً جَلَّ شَانُه وَصَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ★أَرْسَلْتُ إِلَیْكَ مَجَلَّةً❶ وَکِتَاباً ★صَدَّرَ❷ زَیْدٌ وَخَالِدٌ جَرِیْدَةً❸ ★قُتِلَ زَیْدٌ ثُمَّ بَکْرٌ ★بَسْمَلَ أَبُوْ خَالِدٍ فَأَکَلَ ★إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ ★اَلنَّاسُ سَلَّمُوْا عَلٰی زَیْدٍ وَ مَحْمُوْدٍ ★رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَ ثَبِّتْ أَقْدَامَنَا(١) ★أَیُّ شَيْءٍ بِیَدِكَ؟ ★بِیَدِیْ قَلَمٌ ★ذَهَبَ زَیْدٌ إِلَی الْمَدِیْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ ★مَا مَعْنٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ؟ ★مَعْنَاه ''سارے جہاں کا مالک'' ★یَا نَبِیَّ اللّٰهِ عَلَیْكَ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ .

---

❶رسالہ، ماہنامہ ❷اخبار، رسالہ جاری کیا، التصدیر اخبار، رسالہ جاری کرنا ❸اخبار، نیوز پیپر

(١). (سورة البقرة، الآیة ٢٥٠)

مشق

تَرْجِمُوْا بِالْعَرَبِيَّةِ

✪ مجھ کو خالد اور محمود نے پڑھایا ✪ یہ رسالہ بمبئی سے جاری کیا گیا ✪ زید نے مرد اور عورت کو سلام کیا ✪ خالد کی پھوپھی نے مجھے سلام کیا ✪ زید کے چچا اور محمود کے باپ یہاں سے مسجد گئے ✪ زید نے بسم اللہ کرکے قرآن پڑھا ✪ بخدا میں قرآن مجید ضرور پڑھوں گا ✪ کیا آپ اخبار پڑھیں گے؟ نہیں۔

☆ **طفولةُ جُحَا:** وهو صغير ذهبت أمه إلى عرس وتركته في المنزل بعدما أوصتْه أن يحفظ البابَ. جلس جُحَا حتى العصرِ ولمّا لم تَعُدْ أمُّه قام وخلع البابَ وحمله على ظهره وذهب به إلى أمّه، فلمّا رأتْه صرختْ: وَيْحَكَ ما هذا؟ فقال لها: أَوْصَيْتِني أن أحفظ البابَ وها أنا أحمله إليك وقد حفظتُه جيّداً.

☆ **قيل** لطُفيليّ: أيّ سورة تُعجبك من القرآن؟ قال المائدةُ، قيل فأيّ آية؟ قال ﴿ذَرْهُمْ يَأْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا﴾، قيل ثُم ماذا؟ قال ﴿آتِنَا غَدَاءَنَا﴾، قيل ثم ماذا؟ قال ﴿ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ﴾، قيل ثم ماذا؟ قال ﴿وَمَا هُمْ مِنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ﴾. **(المستطرف)**

سبق:30

کلماتِ شرط وظرف

★إِنْ ★لَمَّا ★لَوْ ★إِذَا ★إِذْ ★هَرَبْتُ ★اَلْاِحْتِفَالُ

★إِنْ ضَرَبْتَنِيْ هَرَبْتُ ★لَوْ قَرَأَ الصَّبِيُّ لَسَبَقَ ★لَمَّا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ الْمَجِيْدَ أَكْرَمْتُكَ ★إِذَا ذَهَبْتَ إِلَى السُّوْقِ ذَهَبْتُ إِلَى الْفُنْدُقِ❶ ★إِنْ تَضْرِبْ زَيْدًا أَضْرِبْكَ ★إِنْ شَرِبْتَ الشَّايَ شَرِبْتُ اللَّبَنَ ★أَضْرِبُكَ إِنْ دَخَّنْتَ❷ السِّجَارَ❸ ★إِنْ تَرَكَ زَيْدُنِ الصَّلَاةَ فَإِنِّيْ أُعَاقِبُهُ ★بَكْرٌ وَصَلَ إِلَى الْمَسْجِدِ إِذْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ ★مَتٰى يَنْعَقِدُ الْاِحْتِفَالُ السَّنَوِيُّ❹ ★ضَرَبَنِيْ ثُمَّ زَيْدٌ ★أَذْهَبْتُ زَيْدًا حَيْثُ أَشْرَبَنِي الشَّايَ ★أُتَرْجِمُ الْقُرْاٰنَ بِتَوْفِيْقِ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ.

---

❶ ہوٹل ❷ تونے سگریٹ پی' التدخين سگریٹ وغیرہ پینا ❸ سگریٹ ❹ سالانہ جلسہ

مشق

تَرْجِمُوْا بِالْعَرَبِيَّةِ

✪ اگر تم اسٹیشن پہنچتے تو میں تمہیں چائے پلاتا ✪ جب زید نے گوشت کھایا تو بیمار ہو گیا ✪ میں ابو بکر کو سزا دوں گا اگر وہ ہوٹل جائے گا ✪ جب زید نماز چھوڑ دے گا تو بکر اسے مارے گا ✪ اگر تو کتے کو مارے گا تو میں تجھ کو ماروں گا ✪ تو کب پہنچا؟ ✪ میں وہاں پڑھوں گا ✪ آج سالانہ امتحان نہیں ہوا ✪ میں نے زید کی مدد کی جس وقت اس کا باپ آیا ✪ میں زید کو وہاں ماروں گا جہاں اس نے بکر کو مارا۔

★دَعْ ★هِدَايَةُ النَّحْوِ ★فَيْضُ الْأَدَبِ ★مِيْزَانُ الصَّرْفِ

★دَعْ زَيْداً يَلْعَبُ ★دَعِ الْوِلْدَانَ يَقْرَؤُوْا ★هَلْ دَرَسْتَ هِدَايَةَ النَّحْوِ؟ ★مَا دَرَسْتُهَا إِلَى الْآنِ ★قَدْ دَرَسَ زَيْدٌ مِيْزَانَ الصَّرْفِ ★اَلطَّلَبَةُ يَقْرَؤُوْنَ فَيْضَ الْأَدَبِ عَلٰى بَكْرٍ ★مَا اسْمُ مَدْرَسَتِكَ؟ ★اِسْمُ مَدْرَسَتِيْ فَيْضُ الرَّسُوْلِ ★لِمَ ضَرَبْتَ

الصَّبِيِّ؟ ★وِلْدَانُ زَيْدٍ يَدْرُسُوْنَ بَهارِ شَرِيْعَة ★عَمَّ[(۱)] يَسْئَلُ زَيْدٌ؟ ★رَكِبْتُ دَرَّاجَةَ أَبِيْ خَالِدٍ ★سَئَلْتُ زَيْداً عَنْ أَمْرٍ[(۲)] كَانَ يَعْلَمُهُ ★اَلنَّاسُ قَدِمُوْا مُتَبَسِّمِيْنَ ★اَلْحِمْيَةُ❶ رَأْسُ كُلِّ دَوَاءٍ[(۳)]. **رُوِيَ** عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ عِلْمٍ لَا يُنْتَفَعُ بِهٖ كَمَثَلِ كَنْزٍ لَا يُنْفَقُ مِنْهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.[(٤)]

مشق

تَرْجِمُوْا بِاللِّسَانِ الْعَرَبِيِّ

✪مجھے بازار جانے دو ✪کیا تم نے عربی کی اردو بنائی؟ ✪ابو بکر میزان الصرف پڑھتا ہے ✪میں زید سے بہار شریعت پڑھتا ہوں ✪زید کو

---

(۱) (یہ اصل میں عَنْ مَا تھا طلبہ کو بتایا جائے کہ مَا استفہامیہ پر جب حرف جار آتا ہے تو مَا کا الف گر جاتا ہے)

(۲) (أَمْرٌ: بات، چیز)

(۳) (تفسیر مدارک التنزیل، سورۃ الأعراف، الآیۃ ۳۱، ص ۳۶۰)

(٤) (مشکاۃ المصابیح، کتاب العلم، الفصل الثالث، الحدیث: ۲۸۰، ۱/۱۲۲)

❶ پرہیز

ایک خط لکھنے دو ✪ زید اور خالد تم سے فیض الادب پڑھتے ہیں ✪ بے شک میں ھدایۃ النحو پڑھ چکا ہوں ✪ میں نے زید کے بھائی کو خالد کے سامنے کل مارا ہے ✪ آج زید کے ماموں کا کپڑا دھویا گیا ✪ زید مٹی کا تیل پی کر بیمار ہو گیا ✪ میں نے سنا ہے کہ زید کا باپ ملحد تھا ✪ پھر وہ مسلمان ہو گیا ✪ کل مدرسے کا پھاٹک کھولا جائے گا ✪ پاک پانی سے کلی کرو ✪ خالد یہاں سے مسکراتے ہوئے بازار گیا ✪ زید کی بیوی نے اپنے باپ کی مدد کی ✪ علماء اسلام بخیریت واپس آئے ✪ اے اللہ! ہمیں قرآن و حدیث کا علم عطا فرما ✪ اے اللہ کے رسول! حضور پر (یعنی آپ پر) درود و سلام ہو ✪ حمد ہے اللہ کے لیے جو سارے جہان کا مالک ہے۔

اَلْحَدِیْثُ النُّوْرِيُّ

★اَلْحَادِثُ نوپید ★اَلْإِیْجَادُ پیدا کرنا، بنانا ★اَمَّا رہا ★شَآءَ چاہا ★اَلشُّعَاعُ کرن، جھلک، چمک، پرتو ★بِـ ـأَنْ یوں اس طرح کہ ★اَلْاٰنَ اب ★بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ میرے ماں باپ حضور پر قربان ★عِدَّةُ أَجْزَاءٍ کئی حصے ★جَعَلَ یَدُوْرُ دورہ کرتا رہا ★اَلْبِدَایَةُ آغاز

★اَلنِّهَایَۃُ اٰخِر ★أُرِیْدُ میں چاہتا ہوں۔

★**اِعْلَمْ** أَنَّ اللّٰهَ جَلَّ شَانُه أَزَلِيٌّ وَأَبَدِيٌّ ★لَيْسَ لِوُجُوْدِهٖ بِدَايَةٌ وَّلَا نِهَايَةٌ ★وَأَمَّا الْعَالَمُ فَجَمِيْعُه حَادِثٌ ★لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ مِّنْه مَوْجُوْداً مِنْ قَبْلُ ★بَلْ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْه كَانَ بَعْدَ أَنْ أَوْجَدَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى ★فَلَمَّا شَاءَ اللّٰهُ إِيْجَادَ الْعَالَمِ خَلَقَ نُوْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ جَمِيْعِ الْأَشْيَاءِ ★ثُمَّ خَلَقَ مِنَ النُّوْرِ الْمُحَمَّدِيِّ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَنْ قَسَّمَ شُعَاعَ النُّوْرِ الْمُحَمَّدِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَّةَ أَجْزَاءٍ وَ خَلَقَ مِنْهَا الْقَلَمَ وَاللَّوْحَ وَالْعَرْشَ وَالْكُرْسِيَّ وَغَيْرَهَا ★فَنَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "أَوَّلُ خَلْقِ اللّٰهِ".

وَالْآنَ أُرِيْدُ أَنْ أُسْمِعَكَ الْحَدِيْثَ النُّوْرِيَّ ★وَهُوَ طَوِيْلٌ جِدّاً وَّ أَنْقُلُ هٰهُنَا مِنْه قَلِيْلاً ★رَوٰى عَبْدُالرَّزَّاقِ بْنُ هَمَّامٍ

عَنْ جَابِرِ الصَّحَابِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ ★قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ ★أَخْبِرْنِيْ عَنْ أَوَّلِ شَيْءٍ خَلَقَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قَبْلَ الْأَشْيَاءِ ★قَالَ يَا جَابِرُ! ★إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ خَلَقَ قَبْلَ الْأَشْيَاءِ نُوْرَ نَبِيِّكَ مِنْ نُوْرِهٖ فَجَعَلَ ذٰلِكَ النُّوْرُ يَدُوْرُ بِالْقُدْرَةِ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى ★وَلَمْ يَكُنْ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ لَوْحٌ وَلَا قَلَمٌ وَلَا جِنِّيٌّ وَلَا إِنْسِيٌّ ★فَلَمَّا أَرَادَ اللّٰهُ تَعَالٰى أَنْ يَّخْلُقَ الْخَلْقَ قَسَّمَ ذٰلِكَ النُّوْرَ أَرْبَعَةَ أَجْزَآءٍ فَخَلَقَ مِنَ الْجُزْءِ الْأَوَّلِ الْقَلَمَ وَمِنَ الثَّانِيْ اللَّوْحَ وَمِنَ الثَّالِثِ الْعَرْشَ ★ثُمَّ قَسَّمَ الْجُزْءَ الرَّابِعَ أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ ★فَخَلَقَ مِنَ الْأَوَّلِ حَمَلَةَ الْعَرْشِ وَمِنَ الثَّانِي الْكُرْسِيَّ وَمِنَ الثَّالِثِ بَاقِيَ الْمَلَائِكَةِ ★ثُمَّ قَسَّمَ الرَّابِعَ أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ ★فَخَلَقَ مِنَ الْأَوَّلِ السَّمٰوَاتِ وَمِنَ الثَّانِي الْأَرْضِيْنَ وَمِنَ الثَّالِثِ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ ★ثُمَّ قَسَّمَ الرَّابِعَ أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ (إِلٰى اٰخِرِ الْحَدِيْثِ) (المصنف لعبد الرزاق (الجزء المفقود)، الحديث: ۱۸، ص ۶۳)

إِعْلَمْ أَنَّ هٰذَا الْحَدِيْثَ قَدْ رَوَاهُ الْإِمَامُ الْبَيْهَقِيُّ أَيْضاً فِيْ

دَلَائِلِ النُّبُوَّةِ نَحْوَ رِوَايَةِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَأَخَذَهُ بِالْقُبُوْلِ أَكَابِرُ عُلَمَاءِ الْإِسْلَامِ وَاعْتَمَدُوْا عَلَيْهِ وَهُمُ الْإِمَامُ الْقَسْطَلَانِيُّ وَالْإِمَامُ ابْنُ حَجَرٍ الْمَكِّيُّ وَالْعَلَّامَةُ الزُّرْقَانِيُّ وَالْعَلَّامَةُ الْفَاسِيُّ وَالشَّيْخُ عَبْدُ الْحَقِّ الدِّهْلَوِيُّ وَغَيْرُهُمْ مَلَأَ اللّٰهُ تَعَالٰى قُبُوْرَهُمْ نُوْرًا۔

قاموس بعض الكلمات العربية

الكلمة العربيّة	الكلمة الأرديّة	الكلمة العربيّة	الكلمة الأرديّة
اَلْاِحْتِفَالُ السَّنَوِيُّ	سالانہ جلسہ	اَلشَّارِعُ	سڑک، روڈ
اَلْبَاخِرَةُ	اسٹیمر، بحری جہاز	اَلشَّایُ	چائے
اَلْبَائِتُ	باسی	اَلشَّمْسِيَّةُ	چھتری
اَلْبَوَّابَةُ	پھاٹک	طَلِيْقُ الْوَجْهِ	ہنس مکھ
اَلتَّدْخِيْنُ	سگریٹ وغیرہ پینا	اَلطَّيَّارَةُ	ہوائی جہاز
اَلتَّصْدِيْرُ	اخبار، رسالہ جاری کرنا	اَلْفُنْدُقُ	ہوٹل
اَلتَّعْرِيْبُ	عربی بنانا	اَلْقَاطِرَةُ	ریلوے انجن
اَلْجَرِيْدَةُ	اخبار	اَلْقَعَّادَةُ	چارپائی

اَلدَّرَّاجَةُ	سائیکل	قَلَمُ الْحِبْرِ	فونٹین پن
اَلدِّرَاسَةُ	پڑھنا	اَللُّغَةُ الْإِنْجِلِيْزِيَّةُ	انگریزی زبان
اَلدَّوْلَةُ	حکومت	اَلْمَجَلَّةُ	رسالہ، ماہنامہ
اَلزَّعِيْمُ	لیڈر	اَلْمَحَطَّةُ	اسٹیشن
زَيْتُ الْغَارِ	مٹی کا تیل	اَلْمُعَبَّدُ	پختہ (سڑک)
اَلسَّاعَةُ	گھڑی، بجے	اَلْمِنْشَفُ	تولیہ
اَلسِّجَارُ	سگریٹ	اَلْهَنَادِكُ	ہندو قوم
اَلسَّمِيُّ	ہمنام	اَلْهِنْدُوكِيُّ	ہندو
اَلسَّيَّارَةُ	موٹر	ثَمَّ	وہاں

☆ **إن الحجاج** خرج يوما متنزها فلما فرغ من نزهته صرف عنه أصحابه وانفرد بنفسه فإذا هو بشيخ من بني عجل فقال له من أين أيها الشيخ؟ قال من هذه القرية، قال كيف تَرَون عُمّالَكم قال شَرُّ عُمّال يَظلمون الناسَ ويَستحلّون أموالَهم، قال فكيف قولك في الحجاج؟ قال ذاك ما وُلّي العراقَ شرٌّ منه قبحه الله وقبح من استَعمله، قال أتعرف من أنا؟ قال لا، قال أنا الحجّاج، قال جعلتُ فِداك! أو تَعرف مَن أنا؟ قال لا، قال فلان بن فلان مجنون بني عجل، أصرعُ في كل يوم مرّتين قال فضحك الحجاجُ منه وأمر له بصلة.

(المستطرف ١/١٠٥)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

(خلیفہ مفتی اعظم ہند)

حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد

قادری رضوی رحمہ اللہ القوی

پیشکش: المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اِسلامی)

شعبہ: درسی کتب

الصّلوة والسّلام عليك يارسول الله ﷺ وعلى آلك وأصحابك يا حبيب الله

کتاب : **فیض الادب** (حصہ دوم)

مصنّف: حضرت علامہ مولانا بدر الدین احمد قادری رضوی رحمہ اللہ القوی

پیش کش : مجلس المدينة العلمية (شعبہ درسی کتب)

سن طباعت: صفر المظفر ۱۴۳۴ھ / جنوری 2013ء

کل صفحات (حصہ دوم): **۱۴۹**

ناشر : مکتبۃ المدینہ فیضان مدینہ باب المدینہ کراچی

WWW.dawateislami.net E.mail: ilmia@dawateislami.net

فهرس (حصہ دوم)

☆ **ومن المنقول** عن عيسى عليه السلام أن إبليس جاء إليه فقال له أَلستَ تزعم أنه لا يصيبك إلا ما كتب الله لك قال بلى قال فَارْمِ بنفسك مِن هذا الجبل فإنه إن قدر لك السلامةَ تَسلم فقال له يا معلونُ إن لله عزوجل أن يختبرَ عبادَه وليس للعبد أن يختبر ربَّه عزوجل.

☆ **كان لإبراهيم** بن طهمان جِرايةٌ مِن بيتِ المال فسُئِلَ عن مسألة في مجلس الخليفةِ فقال لا أَدرِي فقالوا له تَأخُذُ في كلّ شهرٍ كذا وكذا ولا تُحْسِنُ مسألةً فقال إنما آخُذُ على ما أُحْسِنُ ولو أَخذتُ على ما لا أُحسِنُ لَفنِيَ بيتُ المالِ ولا يَفْنٰى ما لا أُحسِنُ فأَعجَبَ الخليفةَ جوابُه، وأَمَرَ له بِجَائِزةٍ فاخِرةٍ وزَادَ في جِرايَتِه. **(الأذكياء لابن الجوزي)**

تقریظِ جلیل

استاذ العلماء، حضرت مولانا عبد العزیز صاحب قبلہ علیہ الرحمۃ
شیخ الحدیث دار العلوم اشرفیہ، مبارکپور اعظم گڑھ، یوپی

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

نَحۡمده وَنُصَلِّي عَلٰى رَسُولِهِ الكَرِيۡمِ۔

کتاب **فیض الأدب کا دوسرا حصہ** نظر سے گزرا۔ یہ بھی حصہ اول کے طرز پر ہے۔ اس میں مفردات سے مرکبات بنانے کا سہل طریقہ بتایا ہے، مرکبات میں نحوی قواعد کی نہایت دلنشین مشق کرائی ہے جس سے مبتدی طلبہ کو قواعد کے اجراء میں جلد بصیرت حاصل ہو سکتی ہے، عربی سے اردو اور اردو سے عربی ترجمہ کی مہارت ہو سکتی ہے، انتہائی مفید کتاب ہے، مولی تعالی قبول فرمائے اور مصنف سلّمہ ربُّہ کو جزائے خیر دے اور کثیر تصانیف کی توفیق رفیق بخشے۔

اٰمِيۡن وصَلَّى اللّٰه تَعَالٰى وسلَّمَ عَلٰى خَيۡرِ خَلۡقِه سيِّدنا مُحمَّدٍ واٰله وَصَحۡبِه أجۡمعِيۡنَ.

عبد العزیز عفي عنه

٢٨ رجب المرجب ١٣٧٨ھ

تقریظِ جلیل

فاضلِ زمانہ حضرت علامہ غلام جیلانی صاحب قبلہ اعظمی علیہ الرحمۃ
شیخ الحدیث دارالعلوم فیض الرسول براؤں شریف ضلع بستی (یوپی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

نَحْمَدُہ ونُصَلی عَلٰی رَسُوْلِہ الکَرِیْم

عزیزم مولوی بدرالدین احمد سلّمہ ربہ کا رسالہ **فیض الأدب حصہ دوم** نظر سے گزرا۔ دیکھ کر مسرت ہوئی اور دل سے دعا نکلی کہ اللہ تعالی مصنف کو مزید توفیق عطا فرمائے کہ وہ ایسے رسالے تصنیف کرتے رہیں جن سے مدارس اسلامیہ کے طلبہ کو مزید سہولتیں حاصل ہوں، رسالہ مذکور میں اسباق کے معیار کو بتدریج بلند کیا گیا ہے، جس سے طلبہ پر زائد دماغی بار نہیں پڑے گا بلکہ پڑھنے میں سرور آتا رہے گا۔

مصنف نے کتاب میں الفاظ شستہ اور مضامین پاکیزہ رکھے ہیں، اس کتاب میں فنِ ادب کے ساتھ ساتھ انبیائے کرام عَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ ، صحابہ عظام، اولیائے کرام وائمہ اسلام رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھُمْ کے اسوہ حسنہ کی بھی روشنی ملتی ہے، آیاتِ قرآنیہ واحادیثِ نبویہ

علی صاحبہا الصلاۃ والسلام کی عطر بیزی بھی جابجا ہے جس کے سبب تاریخ اسلامی، مسائل شرعیہ کی دولت سے بھی طالبِ علم مالا مال ہوتا رہے گا۔ اللہ تعالی مصنف کی عمر دراز فرمائے اور اس کو دارین میں اجر جزیل عطا فرمائے۔

اٰمِیْن ثُمَّ اٰمِین بِجَاہ حَبِیْبِہ الرَّؤُوف الرَّحِیم عَلَیْہ وَعَلٰی اٰلِہ وَصَحبِہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ .

٤ شعبان المعظم ١٣٧٨ھ

غلام جیلانی اعظمی

☆ **ذكر الموت:** وعلى العاقل أن يذكر الموتَ في كل يومٍ وليلةٍ مراراً ذكراً يباشر به القلوبَ ويقدعُ الطماح، فإن في كثرةِ ذكر الموتِ عصمةً من الأشر، وأماناً بإذن الله من الهلع. (الأدب الكبير والأدب الصغير، ١ / ٣)

☆ **علم نفسك قبل تعليم غيرك:** ومن نصب نفسه للناسِ إماماً في الدينِ، فعليه أن يبدأ بتعليم نفسه وتقويمها في السيرة والطعمةِ والرأي واللفظ والأخدانِ، فيكن تعليمهُ بسيرته أبلغَ من تعليمه بلسانهِ. فإنه كما أن كلام الحكمةِ يونقُ الأسماعَ، فكذلكَ عملُ الحكمةِ يروقُ العيونَ والقلوبَ. ومعلمُ نفسه ومؤدبها أحق بالإجلالِ والتفضيلِ من معلمِ الناسِ ومؤدبهم. (الأدب الكبير والأدب الصغير، ١ / ٤)

پیش لفظ

ہمارے ملک میں مبتدی بچوں کے لئے عربی رسائل بہت کچھ لکھے جاچکے ہیں ایسی صورت میں کسی ابتدائی رسالہ کی ترتیب کی ضرورت نہ تھی لیکن بایں ہمہ فیض الادب کے حصص مرتب کئے گئے ایسا کیوں ہوا؟ اس کا جواب آپ کو فیض الادب کے اوراق دیں گے۔ ہم نے اسباق کی ترتیب میں درج ذیل امور کا لحاظ رکھا ہے۔

❶.... کتاب کے دونوں حصوں میں زبان کے تدریجی منازل کچھ اس طرح ملحوظ رکھے گئے ہیں کہ مبتدی آسانی سے مشکل کی جانب بلا احساس بڑھتا رہے اور آہستہ آہستہ اچھی خاصی عربی سیکھ لے۔

❷.... بعض اسباق کے مضامین قرآن مجید سے اس طرح اخذ کئے گئے ہیں کہ بچہ جہاں ان کے ترجمہ پر قادر ہو وہیں قواعد کے اجراء پر بھی عبور حاصل کرے، لائے نفی جنس، مؤکد تاکید، مبدل منہ بدل وغیرہ عناوین کے تحت اسباق میں اکثر وہی آیاتِ قرآنیہ منتخب کی گئی ہیں جن کا از روئے قواعد عنوانِ بالا سے ضرور تعلق ہے لہذا ترجمہ قرآن کریم کی تدریس کے وقت اجراء قواعد میں ہر گز کوتاہی نہ برتی جائے۔

❸.... عربی ادب کے دوسرے رسالے صلات بتانے سے یا تو بالکل خاموش ہیں یا انہوں نے سرسری طور پر اس طرح بتادیا کہ طلبہ میں اس سے دلچسپی پیدا نہیں ہوتی حالات صلات اور ان کے استعمال کا طریقہ جاننا ایک ضروری امر ہے کیونکہ ایک ہی فعل متعدد صلات اور مختلف متعلقات کی اعانت سے گوناگوں معنی ظاہر کرتا ہے۔ذیل میں ضَـــرَبَ کے تعدد معنی پر غور فرمائیں۔

ضَرَبَ زَيْدٌ بَكْراً	(زید نے بکر کو مارا)
ضَرَبَ زَيْدٌ مَثَلاً	(زید نے ایک کہاوت بیان کی)
ضَرَبَ زَيْدٌ عَلَى الْكِتَابِ	(زید نے خط پر مہر لگادی)
ضَرَبَ زَيْدٌ فِي الْبُحَيْرَةِ	(زید جھیل میں تیرا)
ضَرَبَ زَيْدٌ فِي الْأَرْضِ	(زید زمین پر چلا)
ضَرَبَ الْوَرْدُ إِلَى الْحُمْرَةِ	(پھول مائل بہ سرخی ہوا)

یہی وجہ ہے کہ ہم نے صلات بتانے پر خصوصیت سے زور دیا ہے۔

❹.... ہر زبان کے کچھ نہ کچھ ایسے محاورے ہوتے ہیں کہ اگر ان کا بلفظہ ترجمہ دوسری زبان میں کردیا جائے تو محاورہ کا خون ہو جاتا ہے لہذا

ترجمہ کے لئے دونوں زبانوں کے محاورے کا جاننا ضروری ہے۔ ذیل کے نقشے سے اس کا اندازہ بخوبی ہو سکتا ہے۔

اردو محاورہ	غلط ترجمہ	عربي محاورہ
مجھے پڑھنے دو	أَعْطِنِي الْقِرَاءَةَ	دَعْنِي أَقْرَأْ
تمہیں بازار جانا ہوگا	يَكُوْنُ ذَهَابُكَ إِلَى السُّوْقِ	لَا بُدَّ لَكَ مِنَ الذَّهَابِ إِلَى السُّوْقِ
زید کہنے لگا	قَالَ زَيْدٌ	أَخَذَ زَيْدٌ فِي الْقَوْلِ
میں نے زید کو مروا ڈالا	أَقْتَلْتُ زَيْداً	أَمَرْتُ بِزَيْدٍ فَقُتِلَ
بکر نے اردو کی عربی بنائی	بَكْرٌ صَنَعَ عَرَبِيَّةَ الْأُرْدِيَّةِ	بَكْرٌ تَرْجَمَ الْأُرْدِيَّةَ بِالْعَرَبِيَّةِ
تم روزہ نہیں رکھ پاؤ گے	لَا تَجِدُ الصَّوْمَ	لَا تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَصُوْمَ
زید نے مار کھائی	زَيْدٌ أَكَلَ الضَّرْبَ	ضُرِبَ زَيْدٌ
خالد لکھ سکتا ہے	خَالِدٌ يَسْتَمَكَّنُ الْكِتَابَةَ	خَالِدٌ يَتَمَكَّنُ مِنَ الْكِتَابَةِ

میں نے زید سے کہا	قُلۡتُ مِنۡ زَيۡدٍ	قُلۡتُ لِزَيۡدٍ
زید نے بکر کو سلام کیا	سَلَّمَ زَيۡدٌ بَكۡرًا	سَلَّمَ زَيۡدٌ عَلٰى بَكۡرٍ

ہم نے اسباق میں ایسے جملوں کا بھی انتخاب کیا ہے جن سے طلبہ کو عربی انداز اور محاورات سمجھنے میں پوری مدد ملے۔مجھے خصوصی مقاصد کے تحت قلم اٹھانا پڑا انہیں پورا کرنے میں فیض الادب نے کہاں تک کامیابی حاصل کی ہے اس کا اندازہ خود ناظرین کر سکتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ أَسۡئَلُ أَنۡ تَقۡبَلَ مِنِّي هٰذِهِ الرِّسَالَةَ لِوَجۡهِكَ الۡكَرِيۡمِ بِجَاهِ رَسُوۡلِكَ الۡمُصۡطَفٰى عَلَيۡهِ التَّحِيَّةُ وَالثَّنَاءُ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى وَسَلَّمَ عَلٰى أَوَّلِ خَلۡقِهٖ وَأَفۡضَلِ خَلۡقِهٖ وَأَكۡمَلِ خَلۡقِهٖ وَأَعۡلَمِ خَلۡقِهٖ وَأَكۡرَمِ خَلۡقِهٖ وَأَعۡظَمِ خَلۡقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّأَنۡفَعِ خَلۡقِهٖ وَأَرۡفَعِ خَلۡقِهٖ وَأَبۡصَرِ خَلۡقِهٖ وَأَنۡوَرِ خَلۡقِهٖ وَأَخۡيَرِ خَلۡقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ وَأَزۡوَاجِهٖ وَأُصُوۡلِهٖ وَفُرُوۡعِهٖ وَابۡنِهِ الۡغَوۡثِ الۡأَعۡظَمِ الۡجِيۡلَانِيِّ أَجۡمَعِيۡنَ وَاٰخِرُ دَعۡوٰنَا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ.

بدر الدین احمد قادری رضوی مصطفوی

سابق مدرس دار العلوم فیض الرسول براؤں شریف ضلع بستی

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ نَبِيَّنَا صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ وَأَقَامَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَفِيْعًا لِّلْمُذْنِبِيْنَ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَعَلٰى اٰلِهِ الْمُكْرَمِيْنَ وَصَحْبِهِ الْمُعَظَّمِيْنَ وَعَلَى الْعُلَمَاءِ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰدَابِهٖ مُتَأَدِّبِيْنَ.

تمرین کے لئے چھوٹے جملے

★اَلْغُصْنُ ★اَلْخَرِيْطَةُ ★اَلْحَرِيْرُ ★اَلرَّاتِبُ ★اَلْكِبْرِيْتُ ★اَلشَّارِعُ ★اَلْمَعْبَدُ ★اَلْعَمِيْقُ ★اَلْقُبَّةُ ★اَلْمَوْقِدُ ★اَلرَّخِيْصُ ★اَلدَّرَّاجَةُ ★اَلْبُخَارِيَّةُ ★اَلْكَأْسُ ★اَلدُّكْتُوْرُ ★اَلْعَاصِمَةُ ★اَلْعَتِيْقُ.

★اَللّٰهُ رَبُّنَا ★رَسُوْلُنَا خَاتَمُ الْأَنْبِيَاءِ ★اَلْغُصْنُ يَتَحَرَّكُ ★اَلْبَصَرُ حَدِيْدٌ ★اَلرَّأْسُ قَصِيْرٌ ★اَلْبَحْرُ عَمِيْقٌ ★اَلْفَرَسُ مَرْكُوْبَةٌ ★مَا هٰذِهٖ؟ هٰذِهٖ دَرَّاجَةٌ بُخَارِيَّةٌ[1] ★اَلسَّمَاءُ فَوْقَ الْأَرْضِ ★فِي الدَّارِ

---

[1] موٹر سائیکل

رَجُلٌ ★فَوْقَنَا[١] سَطْحٌ ★دَارِيْ قَرِيْبَةٌ ★ثَوْبُ الْحَرِيْرِ أَخْضَرُ ★هٰذَا اللِّجَامُ[٢] حَسَنٌ ★قَلْبِيْ مَحْزُوْنٌ ★تِلْكَ الْقُبَّةُ خَضْرَاءُ ★مَا بِيَدِكَ؟ بِيَدِيْ خَرِيْطَةٌ❶ ★رَاتِبُ❷ زَيْدٍ قَلِيْلٌ ★مَنْ أَنْتَ؟ أَنَا زَيْدٌ ★اَلْكِبْرِيْتُ❸ رَخِيْصٌ ★هٰذَا الشَّارِعُ مُعَبَّدٌ ★مَحْمُوْدٌ عَلَى الْوُضُوْءِ ★اَلْمَوْقِدُ❹ وَسِيْعٌ ★زَيْدٌ حَدِيْثُ الْإِسْلَامِ ★أَنْتَ دُكْتُوْرٌ ★اَلْقِنْدِيْلُ غَالٍ ★إِنِّيْ حَدِيْثُ السِّنِّ❺ ★اِيْتِ عَلَى الْفَوْرِ ★اَلْقِرْطَاسُ عَتِيْقٌ❻ ★صَوْتُكَ شَدِيْدٌ ★اَلْكَأْسُ❼ غَالِيَةٌ ★وَلَدِيْ حَبِيْبٌ ★اَلسُّكَّرُ حُلْوٌ ★يَاأَيُّهَا النَّاسُ اجْتَنِبُوا الْكَذِبَ ★إِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ★فُلَانٌ عَدِيْمُ الْحَيَاءِ ★ذٰلِكَ الرَّجُلُ غَيْرُ مُصَلٍّ ★بَكْرٌ غَيْرُ رَاضٍ عَنِّيْ ★هٰذَا عَدِيْمُ الْفَهْمِ ★دِهْلِي عَاصِمَةُ❽ الْهِنْدِ ★اِيْتِ

---

(١) (هذا المضاف منصوب على الظرفية ١٢)

(٢) (اللجام بكسر اللام. المنجد صـ ٧١٤)

❶ نقشہ ❷ تنخواہ، مشاہرہ ❸ دیاسلائی ❹ چولہا ❺ نوجوان ❻ پرانا ❼ گلاس، جام ❽ دارالسلطنت

بِالدَّوَاةِ وَالْقَلَمِ ★مَا اسْمُ عَاصِمَةِ بَاكِسْتَان ★اِسْمُهَا إِسْلَام آبَاد.

مشق

ذیل کے جملوں کی تعریب کریں

✪اللہ کا نام پیارا ہے ✪رسول کا ذکر میٹھا ہے ✪یہ شاخ ہری ہے ✪زید کی تنخواہ کتنی ہے ✪ہندوستان کا نقشہ پرانا ہے ✪موٹر سائیکل کہاں ہے؟ ✪زید رنجیدہ ہے ✪ریشمی کپڑا سستا ہے ✪وہ نو مسلم ہے ✪بکر کا گھر دور ہے ✪گھوڑے کی لگام خوبصورت ہے ✪عراق کا دار السلطنت بغداد ہے ✪تم نا سمجھ ہو ✪محمود نے جب میری آواز سنی تو اس نے فوراً پڑھا ✪پختہ سڑک وسیع ہے ✪تیرا جسم پاک ہے ✪میرا نام حلیم ہے ✪تم باوضو ہو ✪گلاس یہاں ہے ✪خالد کے ہاتھ میں دیا سلائی ہے ✪بکر نو عمر ہے ✪چولہا گرم ہے ✪میں زید سے ناراض ہوں ✪آپ کی نگاہ تیز ہے۔

اردو میں ترجمہ کی مشق

★لَضرور ★اَلْإِنْفَاقُ خرچ کرنا ★اَلْإِحْسَانُ بھلائی کرنا

★اَلْاِسْتِغْفَارُ معافی مانگنا ★اَلرَّأْفَةُ مہربان ہونا ★اَلرَّءُوْفُ مہربان

(بروزن فَعُوْلٌ صفت مشبہ، از باب کَرُمَ یَکْرُمُ) ★اَلْحَسَب کافی

★اَلذَّوْقُ چکھنا ★اَلْمَتَاعُ سامان ★اَلتَّکْلِیْمُ گفتگو کرنا ★کُلٌّ ہر، سب

★اَلْبَطْشُ پکڑ، گرفت ★اَلْغَفُوْرُ بخشنے والا ★اَلْاِلٰہُ معبود ★اَلنَّفْسُ

جان۔

ذیل میں قرآن مجید کے کچھ جملے لکھے جاتے ھیں ان کا سلیس اردو ترجمہ تحریر کریں

★اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ★اِنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ★وَأَنْفِقُوْا فِيْ

سَبِیْلِ اللّٰہِ ★اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ★وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ

★اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ★وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ★وَاللّٰہُ یَعْلَمُ

★وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ★حَسْبُنَا اللّٰہُ ★فَاٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖ ★مَتَاعُ

الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ★وَکَلَّمَ اللّٰہُ مُوْسٰی تَکْلِیْمًا ★وَاذْکُرُوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ

عَلَیْکُمْ ★اِنَّ بَطْشَ رَبِّکَ لَشَدِیْدٌ ★کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَۃُ الْمَوْتِ

★اِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُمْ رَحِیْمًا ★وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ.

سبق:1

لائے نفی جنس

★اَلسَّحَابُ بادل ★اَلْحَاجَةُ ضرورت، کام ★بُدٌّ چارہ کار، چھٹکارا ★لَا بُدَّ نہیں ہے چھٹکارا یعنی ضروری ہے ★إِلَّا ★هٰهُنَا ★اَلْحَوْلُ ★اَلْاِنْهِمَاكُ مشغول ہونا ★اَلْبِرُّ ★اَلْفِرَاسَةُ سمجھ۔

★اَللّٰهُ رَبِّيْ ★لَا شَرِيْكَ لَهُ ★رَسُوْلُنَا نَبِيٌّ لَا نَظِيْرَ لَهُ ★لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ ★لَا سَحَابَ فِي السَّمَاءِ ★لَا كِتَابَ عِنْدَ زَيْدٍ ★لَا عِلْمَ لَكَ أَصْلًا(۱) ★لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ★لَا حَاجَةَ لِيْ إِلَى الرُّؤْيَةِ ★لَا بُدَّ لِلْقَسَمِ مِنَ الْجَوَابِ(۲) ★لَا دَرَّاجَةَ عِنْدِيْ ★لَا حَاجَةَ لِزَيْدٍ إِلَى الْقِرَاءَةِ ★لَا بُدَّ لَكَ مِنَ الْأَكْلِ ★بَكْرٌ لَا فِرَاسَةَ(۳) لَهُ

(۱) (اس کا ترجمہ حسب محاورہ "بالکل" ہے ۱۲)

(۲) (قسم کھا کر جو بات کہی جائے اسے جواب قسم کہتے ہیں ۱۲)

(۳) (بکسر الفاء من باب ضرب، ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا ۱۲)

★لَا بُدَّ لِلْمُسْلِمِيْنَ مِنَ الصَّوْمِ ★لَا بُدَّ لِلْمُتَعَلِّمِيْنَ مِنَ الْاِنْهِمَاكِ ★لَا بُدَّ لَكَ مِنَ الذَّهَابِ إِلَى السُّوْقِ ★لَنَا[۱] حَاجَةٌ إِلَيْكَ ★لَا شَيْءَ هٰهُنَا ★لَا مَاءَ فِي الْبِئْرِ ★لَا مَرْكُوْبَ عِنْدَنَا ★لَا عَدَاوَةَ بَيْنَهُمْ.

تنبیہ

لفظ حَاجَــــة کے استعمال کا طریقہ یہ ہے کہ محتاج پر لام جار اور محتاج الیہ پر إلی حرف جار لایا جائے جیسے عمرو کو دو روپے کی ضرورت ہے اس کا ترجمہ یوں کیا جائے گا لِعَمْرٍو حَاجَةٌ إِلَى الرُّوْبِيَتَيْنِ.

لفظ بُدَّ کا استعمال جب لَا کے ساتھ ہو تو اردو میں "ضروری ہے، پڑے گا" اس کا ترجمہ کیا جائے گا اور جو چیز ضروری ہے اس پر مِنْ حرف جار داخل کیا جائے اور جس کے لئے ضروری ہو اس پر لام جار لاؤ جیسے فعل کے لئے فاعل ضروری ہے عربی میں اس جملے کا ترجمہ یوں کیا جائے گا لَا بُدَّ لِلْفِعْلِ مِنَ الْفَاعِلِ.

---

(۱) (محاورہ کے مطابق اس جملے کا ترجمہ "ہمیں تم سے کچھ کام ہے" ہوگا ۱۲)

مشق

عربی بنائیں

✪ مجھے کھانے کی بالکل ضرورت نہیں ✪ زید کو بازار جانا ہوگا ✪ یہاں کوئی شخص نہیں ✪ خالد کو کچھ علم نہیں ✪ زید کو لکھنا ضروری ہے ✪ بکر کو تم سے کچھ کام نہیں ✪ کاغذ پر ذرا سا غبار نہیں ✪ طلبہ کو مدرسے جانا پڑے گا ✪ عمرو کے پاس کچھ روپیہ نہیں ✪ تم انجان ہو ✪ زید کا ماموں ناسمجھ ہے ✪ ہمارے چچا کو کچھ روپیہ چاہیے ✪ میرے پاس دیا سلائی اور لالٹین لاؤ۔

جملہ قرآنیہ کا اردو میں ترجمہ کریں

★اَلرَّیْبُ شک ★اَلْإِکْرَاہُ جبر، زبردستی ★اَلتَّثْرِیْبُ ملامت ★اَلْجُنَاحُ گناہ ★اَلْقَوْلُ الْمَعْرُوْفُ اچھی بات ★اَلْخَلَاقُ حصہ ★اَلْمَحْوُ مٹانا ★اَلْإِحْقَاقُ ثابت کرنا ★اَلْکَلِمَاتُ باتوں ★اَلْحُجَّۃُ جھگڑا ★اَلْإِھْلَاکُ ہلاک کرنا ★اَلْمَوْلٰی مددگار

★ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ ★لَا إِکْرَاہَ فِي الدِّیْنِ ★فَلَا

جُنَاحَ عَلَيْهِ ★لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ★قَتَلَ دَاؤدُ جَالُوتَ ★وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَعْرُوفًا ★لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ★أَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ★وَيَمْحُو اللهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ ★أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ★وَلَا مُبَدِّلَ[1] لِكَلِمَاتِ اللهِ ★أُولٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ★إِنَّ اللهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ★وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ.

---

[1] تبدیل کرنے والا

☆ **ماذا ينفع:** لا ينفع العقلُ بغير ورعٍ، ولا الحفظُ بغيرِ عقلٍ، ولا شدةُ البطشِ بغير شدة القلب، ولا الجمالُ بغيرِ حلاوةٍ، ولا الحسبُ بغير أدبٍ، ولا السرورُ بغير أمنٍ، ولا الغنى بغير جُودٍ، ولا المروءةُ بغير تواضعٍ، ولا الخفض بغير كفايةٍ، ولا الاجتهادُ بغير توفيقٍ.

(الأدب الكبير والأدب الصغير، ١ / ٨)

سبق:2

مُبدَل منه بَدل

مبدل منه: وہ اسم ہے جس کے بعد بدل ذکر کیا جائے۔

بـــدل: ایسا تابع کہ جس چیز کی نسبت اس کے متبوع کی طرف کی گئی، اس میں وہی مقصود ہو جیسے قَالَ الثَّرِيُّ خَالِدٌ یعنی سیٹھ خالد نے کہا۔اس عبارت میں الثَّــرِيُّ مبدل منہ اور خَالِـــدٌ اس کا بدل ہے۔بظاہر قول کی نسبت سیٹھ کی طرف ہے اور خالد کی طرف بھی لیکن مقصود قول کی نسبت خالد کی طرف کرنا ہے۔

★سَيِّدُ الْأَنْبِيَاءِ ★أَبُوكَ ★اَلنَّشْرُ ★اَلتَّصْنِيفُ کوئی کتاب تیار کرنا، لکھنا ★اَلعَمُّ ★اَلْحَاجُّ ★اَلْقَافِلَةُ ★أَرَدْ يُأَرِّدُ تَارِيدًا اردو بنانا۔

اَلصَّلَاةُ عَلٰى سَيِّدِ الْأَنْبِيَاءِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

★أَبُوكَ زَيْدٌ زَعِيمٌ[1] ★عَمُّكَ خَالِدٌ يَشْرَبُ الشَّايَ ★أَنَّ الشَّيْخَ

ابْنَ الْحَاجِبِ صَنَّفَ الْكَافِيَةَ ★قَالَ الْإِمَامُ أَبُو حَنِيْفَةَ رَضِيَ اللهُ

---

[1] راہنما، سردار، سمجھدار

تَعَالٰی عَنْهُ إِنَّ صَلَاةَ الْوِتْرِ وَاجِبَةٌ ★مَوْلَانَا عَبْدُ الرَّسُوْلِ يُدَرِّسُنِيْ ★اَلْمَوْلَوِيُّ عَبْدُ الرَّحِيْمِ يَتَكَلَّمُنَا بِالْعَرَبِيَّةِ ★قَدْ نَشَرَ[1] الْإِمَامُ عَبْدُ الْحَقِّ الدِّهْلَوِيُّ عِلْمَ الْحَدِيْثِ فِي الْهِنْدِ ★اَلْحَاجُّ خَالِدٌ رَئِيْسُ الْقَافِلَةِ ★رَأَيْتُ أَخَاكَ مُحَمَّدًا ★إِنِّيْ أَرَدْتُّ هٰذِهِ الْجُمَلَ ★يَا حَضْرَةَ الْمَوْلَوِيِّ دَرِّسْنِيْ .

مشق

عربی میں ترجمہ کریں

✪ میں نے مولوی نور الدین سے گفتگو کی ہے ✪ امام شافعی رضی اللہ تعالی عنہ نے حکم دیا ✪ زید نے مولانا عبد النبی کو سلام کیا ✪ میرے چچا عمرو شہر میں رہتے ہیں ✪ سید ضیاء الدین بمبئی جارہے ہیں ✪ ڈاکٹر نور الحسن سفر کریں گے ✪ میرے والد خالد نے تقریر کی ✪ تیرا بیٹا زید کہاں گیا؟ ✪ تمہیں بازار کب جانا ہوگا؟ ✪ زید کو مولانا ابو الحسن نے پڑھایا ہے ✪ بکر کے ماموں کے لڑکے کی بیوی کا نام کیا ہے؟ ✪ اس کا نام ہندہ ہے۔

---

[1] پھیلایا

قرآنی جملوں کا ترجمہ اردو میں قلمبند کریں

★اَلْإِرْسَالُ بھیجنا ★اَلْاِتِّبَاعُ چلنا، پیروی کرنا ★اَلْمِلَّةُ دین ★اَلْاٰبَاءُ باپ، دادا ★اَلْمِثْقَالُ بھر، مقدار ★اَلْإِبْرَاءُ شفا دینا ★اَلْأَكْمَهُ مادرزاد اندھا ★اَلْأَبْرَصُ سفید داغ والا ★اَلْإِحْيَاءُ جِلانا ★اَلْمَوْتٰى مردوں ★اَلْإِذْنُ حکم ★اَلصِّرَاطُ راستہ ★اَلْمُسْتَقِيْمُ سیدھا ★اَلْأَلِيْمُ دردناک۔

★ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَأَخَاهُ هٰرُوْنَ ★وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَائِيْ إِبْرٰهِيْمَ وَإِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ★إِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ★إِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ★هٰذَا صِرَاطٌ مُسْتَقِيْمٌ ★وَأُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَأُحْيِي الْمَوْتٰى بِإِذْنِ اللّٰهِ ★وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ أَلِيْمٌ ★وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوْبَ ★وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ★إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ★عَلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ۔

سبق:3

مؤکّد، تاکید

مؤکد: وہ کلمہ جس کی تاکید لائی جائے۔

تاکید: وہ لفظ ہے جس سے کسی کلمہ میں زور پیدا کیا جائے جیسے خَطَبَ الطَّلَبَۃُ کُلُّھُمْ یعنی تمام طلبہ نے تقریر کی۔اس عبارت میں اَلطَّلَبَۃُ مؤکد اور کُلُّھُمْ اس کی تاکید ہے۔

★اَلْکُلُّ ★اَلنَّفْسُ ★اَلْعَیْنُ ★اَلْإِفْتَاءُ ★اَلتَّوْقِیْعُ دستخط کرنا ★مَنْحُ الْجَائِزَۃِ انعام دینا ★کِلَاھُمَا ★اَللِّصُّ ★اَلْأُمُّ ماں ★اَلْمُعَاقَبَۃُ سزا دینا۔

أَظْھَرَ اللّٰہُ الْإِسْلَامَ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّہٖ ★ذَھَبَ زَیْدٌ نَفْسُہٗ ★خَالِدٌ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ کُلَّہٗ ★مَشَیْتُ النَّھَارَ کُلَّہٗ ★اَلشَّرِيُّ أَحْمَدُ مَنَحَ الْجَوَائِزَ الْوِلْدَانَ کُلَّھُمْ ★أَفْتَی الْعُلَمَاءُ أَجْمَعُوْنَ ★وَقَعَ الزَّعِیْمَانِ کِلَاھُمَا ★قَرَأَ زَیْدٌ وَبَکْرٌ کِلَاھُمَا ★أَدَّبَتْنِيْ أُمِّيْ نَفْسُھَا ★اَلْمَرْأَتَانِ کِلْتَاھُمَا سَفِیْھَتَانِ ★اَلنِّسَاءُ کُلُّھُنَّ یَسْمَعْنَ

★أُدَرِّسُ خَالِدًا وَعَمْرًا[1] كِلَيْهِمَا ★أَكْتُبُ بِالْقَلَمَيْنِ كِلَيْهِمَا ★اَلصَّحَابَةُ كُلُّهُمْ عُدُوْلٌ ★وَالْمَلِكُ عَيْنُهُ عَاقِبُ اللِّصِّ ★إِنِّي قَرَأْتُ السُّوْرَةَ كُلَّهَا.

فائدہ:

۱۔ لفظ کِلَا جب ضمیر کی طرف مضاف ہوگا تو حالت رفعی میں الف کے ساتھ اور حالتِ نصبی وجری میں یاءِ ما قبل مفتوح کے ساتھ ہوگا۔ اور یہی حال کِلْتَا کا بھی ہے۔

۲۔ کُلٌّ، نَفْسٌ، عَيْنٌ جب ضمیر کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوں تو ان کا مضاف الیہ افراد وجمع، تذکیر وتانیث میں مؤکد کے مطابق ہوگا لیکن نَفْسٌ، عَيْنٌ مؤکد کے تثنیہ اور جمع ہونے کی صورت میں جمع استعمال کئے جائیں گے اور لفظ کُلٌّ بہر حال یکساں رہے گا۔

---

(۱) ("عمرو" جب حالت نصبی میں رہے گا تو اس کے ساتھ واؤ نہیں لکھا جائے گا)

☆**فضل التعلم في الصغر**: قيل: بادروا بتأديب الأطفال قبل تراكم الأشغال. وسمع الحسن رجلاً يقول: التعلم في الصغر كالنقش في الحجر فقال: الكبير أوفر عقلاً منه لكنه أشغل قلباً. (محاضرات الأدباء، ١/١٦)

مشق

اردو جملوں کی تعریب کریں

✪زید نے پوری کتاب پڑھی ✪میں دن بھر لکھوں گا ✪دونوں آدمی جائیں گے ✪ بکر کو خود زید قتل کرے گا ✪تمام عورتیں پڑھتی ہیں ✪ساری قوم نے اتحاد کیا ✪میں نے تمام علماء کو سلام کیا ✪کل سب لیڈر بمبئی جائیں گے ✪کاغذ پر دونوں عالم دستخط کریں گے ✪خود زید کو میں سزا دوں گا ✪تم دونوں عورتوں کو لے جاؤ ✪ شیخ عبدالرحمن قرآن مجید پڑھتے ہیں ✪میں تم سے عربی میں بات کروں گا۔

قرآنی جملوں کا ترجمہ اردو میں لکھیں

★اَلذَّنْبُ گناہ ★اَلْجَمِيْعُ سب ★اَلْمَلٰئِكَةُ فرشتے ★اَلْهِدَايَةُ راہ دکھانا ★اَلرَّفْعُ بلند کرنا ★اَلْمَغْفِرَةُ بخشنا ★اَلْاِسْمُ ★اَلْاَمْرُ معاملہ، اختیار ★اَلْمَلْأُ بھرنا ★اَلْجِنَّةُ جن ★اَلنَّاسُ آدمیوں ★اَلْكَتْمُ چھپانا ★اَلسَّاعَةُ قیامت ★اَلْاِنْشِقَاقُ پھٹنا ★اَلْاِرَاءَةُ دکھانا ★اَلْاِبَاءُ انکار کرنا ★اَللَّبْسُ ملانا۔

★وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا ★قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلّٰهِ ★لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ ★فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ ★اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ★وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ★وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ اٰيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبٰى ★إِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ★يٰأَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ★إِنَّكَ لَتَهْدِيْ إِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ.

☆ **ذو العقل لا يستخف بأحد:** لا يستخفُ ذو العقل بأحدٍ. وأحق من لم يستخف به ثلاثةٌ: الأتقياءُ والولاةُ والإخوانُ، فإنهُ من استخف بالأتقياء أهلك دينهُ، ومن استخف بالولاةِ أهلك دنياهُ، ومن استخف بالإخوانِ أفسد مروءتهُ. (الأدب الكبير والأدب الصغير، ١ / ٨)

☆ **الرجال أربعة:** الرجالُ أربعةٌ: جوادٌ، وبخيلٌ، ومسرفٌ، ومقتصدٌ. فالجوادُ الذي يوجهُ نصيبَ آخرتهِ ونصيبَ دنياهُ جميعاً في أمرِ آخرتهِ. والبخيلُ الذي يخطئ واحدةً منهما نصيبها. والمسرفُ الذي يجمعهما لدنُياهُ. والمقتصدُ الذي يلحقُ بكلٍ واحدةٍ منهُما نصيبها.

(الأدب الكبير والأدب الصغير، ١ / ٩)

سبق:4

اسم تفضیل کا استعمال

اسم تفضیل کے لئے دو چیزیں ہوتی ہیں **مُفَضَّل، مُفَضَّل عَلَیه**

مُفَضَّل: وہ ہے جس کے لئے معنی فاعلی کی زیادتی ثابت ہو۔

مفضل علیه: وہ ہے جس پر کسی کو فضیلت دی گئی جیسے زَیۡدٌ أَفۡطَنُ مِنۡ خَالِدٍ یعنی زید خالد سے زیادہ ہوشیار ہے۔ اس مثال میں زَیۡدٌ مفضل اور خَالِد مفضل علیہ ہے۔

جاننا چاہیے کہ اسم تفضیل کے استعمال کا طریقہ دو طرح پر زیادہ جاری ہے۔ **اول** یہ کہ اسم تفضیل کو مضاف اور مفضل علیہ کو مضاف الیہ قرار دیا جائے جیسے نَبِیُّنَا أَفۡضَلُ الۡمُرۡسَلِیۡنَ یعنی تمام رسولوں سے زیادہ فضیلت والے ہمارے نبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ہیں۔

دوم یہ کہ اسم تفضیل کو بلا اضافت لایا جائے اور مفضل علیہ پر مِنۡ جارہ داخل کیا جائے جیسے أَنۡتَ أَفۡهَمُ مِنۡ زَیۡدٍ یعنی تم زید سے زیادہ سمجھدار ہو۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مفضل علیہ کا ذکر بوجہ شہرت چھوڑ دیا جاتا ہے جیسے اَلۡعِلۡمُ خَیۡرٌ یعنی جاننا بہتر ہے۔

★اَلْمَدَائِنُ ★اَلشَّعْرُ ★اَلْمَتَانَةُ ★اَلْجُوْعُ ★اَلاٰخَرُ ★اَلأَشَدُّ ★جِسْرُ الصِّرَاطِ ★اَلْقِمَّةُ ★اَلأَمْرُ ★اَلأَحَدُّ ★اَلأَدَقُّ ★اَلأَيْسَرُ ★اَلطُّرُقُ

★هٰذَا الْأَمْرُ أَشَدُّ عَلٰى زَيْدٍ ★اَلْإِسْلَامُ أَيْسَرُ عَمَلًا مِنَ الدِّيْنِ الْاٰخَرِ ★اَلْقُرْاٰنُ أَفْضَلُ الْكُتُبِ ★اَلطُّوْرُ أَعْظَمُ الْجِبَالِ كَرَامَةً ★هُمَالَيَه أَعْلٰى مِنَ الْجِبَالِ الْأُخْرٰى قِمَّةً① ★بَكْرٌ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ ★اَلْعِلْمُ خَيْرٌ مِنَ الْمَالِ ★اَلْمَدِيْنَةُ الْمُنَوَّرَةُ خَيْرُ الْمَدَائِنِ② ★هُوَ أَحَدُّ③ مِنَ السَّيْفِ ★خَالِدٌ أَعْلَمُ مِنْ بَكْرٍ ★مَحْمُوْدٌ أَوْفَرُ عِلْمًا مِنْ زَيْدٍ ★خَالِدٌ أَشَدُّ عِلْمًا مِنْ بَكْرٍ ★خَالِدٌ أَكْثَرُ عِلْمًا مِنْ بَكْرٍ ★عَمْرٌو أَشَدُّ اِحْتِيَاجًا مِنَّا ★هٰذَا أَدَقُّ④ مِنَ الشَّعْرِ⑤ ★اَلضَّيْفُ أَشَدُّ جُوْعًا مِنْ مَحْمُوْدٍ ★اَلصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ ★جِسْرُ⑥ الصِّرَاطِ أَشَدُّ إِهْلَاكًا مِنَ الطُّرُقِ الْأُخْرٰى ★هٰذَا ....

---

① بلندی ② المدینہ کی جمع یعنی شہر ③ تیز تر ④ زیادہ باریک ⑤ بال ⑥ پل

الْبُرْهَانُ أَشَدُّ مَتَانَةً ❶ ★إِنَّكَ أَكْثَرُ مَالًا مِنَ الْحَاجِّ خَالِدٍ ★هٰذِهِ الْبِئْرُ أَعْمَقُ مِنْ تِلْكَ الْبِئْرِ ★أَفْضَلُ الصَّحَابَةِ كُلِّهِمُ الصِّدِّيْقُ الْأَكْبَرُ ★ثُمَّ الْفَارُوْقُ الْأَعْظَمُ ★ثُمَّ عُثْمَانُ الْغَنِيّ ★ثُمَّ عَلِيٌّ الْمُرْتَضٰى رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ أَجْمَعِيْنَ ★قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْهٌ[1] وَاحِدٌ أَشَدُّ عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ أَلْفِ عَابِدٍ ★إِنَّ[2] أَحَبَّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَلْحُبُّ فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ.

مشق

ترجموا الأردية بالعربية

✪ پلصراط بال سے زیادہ باریک تلوار سے زیادہ تیز ہے ✪ یہ شخص مجھ سے زیادہ بھوکا ہے ✪ زید کی چھری بہت تیز ہے ✪ تم مجھ سے علم میں بڑھ کر ہو ✪ زید بکر سے زیادہ لکھتا ہے ✪ بمبئی کلکتہ سے

(١) (مشكاة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الثاني، الحديث: ٢١٧، ١/ ٨٠)

(٢) (مشكاة المصابيح، كتاب الإيمان، الفصل الثاني، الحديث: ٣٢، ١/ ٥٢) ❶ پختگی

بڑا ہے ✪ میں عمر میں تم سے زیادہ ہوں ✪ یہ بات بحیثیت عمل اس سے آسان ہے ✪ خالد مجھے تمام لڑکوں میں زیادہ پیارا ہے ✪ میرا چچا عمرو بہت نیک ہے۔

تَرجِموا الجمل القرآنية بالأردية

★اَللَّیۡلَۃُ رات ★اَلۡحَمِیۡرُ[1] گدھوں ★اَلۡاَنۡکَرُ بُرا ★اَلۡاَوۡھَنُ کمزور ★اَلۡعَنۡکَبُوۡتُ مکڑی ★اَلۡاَکۡرَمُ زیادہ شرافت والا ★اَلۡاَتۡقٰی زیادہ پرہیزگار ★اَلۡاَعۡرَابُ گنوار، جنگلی ★اَلۡاَبۡقٰی دیرپا ★اَلۡاَکۡبَرُ بہت بڑی ★اَلۡخَلۡقُ پیدائش ★اَدۡھٰی نہایت کڑی ★اَمَرُّ سخت کڑوی

★وَلَعَبۡدٌ مُّؤۡمِنٌ خَیۡرٌ مِّنۡ مُّشۡرِکٍ ★لَیۡلَۃُ الۡقَدۡرِ خَیۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَھۡرٍ ★وَاِنَّ اَوۡھَنَ الۡبُیُوۡتِ لَبَیۡتُ الۡعَنۡکَبُوۡتِ ★اِنَّ اَنۡکَرَ الۡاَصۡوَاتِ لَصَوۡتُ الۡحَمِیۡرِ ★اِنَّ اَکۡرَمَکُمۡ عِنۡدَ اللّٰہِ اَتۡقٰکُمۡ

---

(١) (حمار کی جمع، المنجد ص١٤٩)

★اَلْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَنِفَاقًا ★وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقٰى

★يٰأَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللهِ وَأَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ

★لَخَلْقُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ★وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ.

☆ **فائدة المشورة**: إن المستشير وإن كان أفضل من المستشار رأياً، فهو يزدادُ برأيه رأياً، كما تزدادُ النارُ بالودكِ ضوءاً. على المُستشارِ مُوافقةُ المستشير على صوابِ ما يرى، والرفقُ به في تبصير خطأ إن أتى بهِ، وتقليبُ الرأي فيما شكا فيه، حتى تستقيم لهما مشاورتهما.

(الأدب الكبير والأدب الصغير، ١ / ١٠)

☆ **أبو جوالق**: قال بعضهم: خرج أبو جوالق يوماً فلقيه بعض أصدقائه فقال: إلى أين يا أبا جوالق؟ فقال أشتري حماراً. فقال له صديقه: قل إن شاء الله فقال: ما هذا موضع إن شاء الله. الدراهم في كمي، والحمار في السوق. قال ومضى إلى السوق فسرقت منه دراهمه. فعاد فرآه صديقه حزيناً فقال له: اشتريتَ الحمار؟ فقال له: سُرقت الدراهمُ إن شاء الله. (عقلاء المجانين، ١ / ٣٧)

سبق: 5

استعمال الأفعال بالأسماء المناسبة

★اَلْجُلُوْسُ ★اَلْبُرُوْكُ ★اَلرَّبُوْضُ ★اَلرِّضَاعُ ★اَلشَّاةُ ★اَلْبَعِيْرُ ★اَلْوُلُوْغُ ★اَللَّعْقَةُ ★اَلْجُوْعُ ★اَلشُّرْبُ ★اَلْإِطْفَاءُ ★اَلْإِخْمَادُ ★اَللَّدْغُ ★اَلْوَضْعُ ★اَلنِّتَاجُ ★اَلْإِفَاقَةُ ★اَلْاِنْدِمَالُ ★اَلْوَجَأُ ★اَلْإِشَارَةُ ★اَلْإِيْمَاءُ ★اَلْغَمْزُ.

★جَلَسَ الْإِنْسَانُ ★رَبَضَتِ الشَّاةُ ★بَرَكَ(١) الْبَعِيْرُ(٢) ★رَضِعَ الطِّفْلُ ★شَرِبَ الرَّجُلُ ★وَلَغَ(٣) الْكَلْبُ ★زَيْدٌ لَعِقَ(٤) الْعَسَلَ ★أَطْفَأَ السِّرَاجَ ★بَكْرٌ أَخْمَدَ(٥) النَّارَ ★تَلْسَعُ الْحَيَّةُ ★لَدَغَتِ(٦) الْعَقْرَبُ ★وَضَعَتِ الْمَرْأَةُ ★نَتَجَتِ(٧) النَّاقَةُ ★خَالِدٌ أَفَاقَ مِنَ الْغَشْيِ ★اِنْدَمَلَ(٨) جَرْحُ زَيْدٍ ★صَحَّ مِنَ الْعِلَّةِ ★ضَرَبَتْ

---

(١) اونٹ بیٹھا (٢) اونٹ (٣) کتے نے برتن میں منہ ڈال کر زبان کے کنارے سے پیا (٤) زبان یا انگلی سے چاٹا (٥) آگ کی آنچ کم کی (٦) ڈسا (٧) اونٹنی نے بچہ جنا (٨) زخم اچھا ہونے کے قریب ہوا

بِالسَّيْفِ ★زَيْدٌ طَعَنَ بِالرُّمْحِ ★وَجَاءَ بِالسِّكِّيْنِ ★غَمَزَتْ[1]

بِالْحَاجِبِ ★أَشَارُوْا بِالْيَدِ ★إِنِّي أَوْمَأْتُ بِالرَّأْسِ ★إِنَّكَ تَجُوْعُ الْمَاءَ.

مشق

عربوا الجمل الأردية

✪ مولوی صاحب ! آپ یہاں تشریف رکھئے ✪ میرا بچہ دودھ پیتا ہے ✪ میں شہد چاٹتا ہوں ✪ بکریاں میرے گھر میں بیٹھتی ہیں ✪ اونٹ کو یہاں نہ بیٹھنے دو ✪ چراغ کس نے بجھایا؟ ✪ سانپ نے مجھے کاٹا ✪ بچھو زید کو ڈنک مارے گا ✪ بکر نے تمھیں بلم مارا ✪ زخم بھر جاتا ہے ✪ تو بیماری سے اچھا ہو جائے گا ✪ لوگوں کو ہوش ہو گیا ✪ زید نے مجھ پر تلوار چلائی ✪ خالد بھوں سے اشارہ کرتا ہے ✪ اونٹنی (بچہ) جنے گی ✪ لوگ سر سے اشارہ کرتے ہیں ✪ میں نے کل سیٹھ عبد الرحیم کو بازار میں دیکھا ہے ✪ زید کے سب لڑکے پڑھتے ہیں۔

---

[1] کسی کی طرف آنکھ یا ابرو سے اشارہ کیا

قرآنی جملوں کا ترجمہ اردو میں تحریر کریں

